لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED

Daily SEHAR

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

روزنامہ سحر لاہور

چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

جلد: 19 | ہفتہ 3 اکتوبر 2026ء 1448ھ 20 ربیع الثانی 19 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 249

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے o (سورۃ البقرہ)

الیکشن کمیشن نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات 14 دسمبر کو کرانے کی تجویز دیدی

الیکشن کمیشن نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں انتخابات کا ڈرافٹ شیڈول چیف سیکرٹری پنجاب کو بھیج دیا، الیکشن کمیشن کے مجوزہ شیڈول کے تحت کاغذات نامزدگی 27 اکتوبر سے 30 اکتوبر کے درمیان جمع کرائے جاسکیں گے

الیکشن کمیشن کے شیڈول کے تحت 19 نومبر کو امیدواروں کی حتمی فہرست اویز آں کی جائیگی، 20 نومبر کو انتخابی نشان الاٹ کیے جائیں گے اور پولنگ 14 دسمبر کو ہوگی

لاہور (سٹاف رپورٹر) الیکشن کمیشن نے پنجاب حکومت کو بلدیاتی انتخابات 14 دسمبر کو کرانے کی تجویز دے دی۔ الیکشن کمیشن نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں انتخابات کا ڈرافٹ شیڈول چیف سیکرٹری پنجاب کو بھیج دیا۔ الیکشن کمیشن کے مجوزہ شیڈول کے تحت کاغذات نامزدگی 27 اکتوبر سے 30 اکتوبر کے درمیان جمع کرائے جاسکیں گے جب کہ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 2 سے 5 نومبر کے دوران ہوگی۔ مجوزہ شیڈول کے مطابق (بقیہ نمبر 1)

حوثی جنگجوؤں کے ٹھکانوں پر 20 فضائی حملے کیے، یمنی افواج

صنعاء (این این آئی) یمنی افواج کے ترجمان نے کہا ہے کہ فضائیہ نے صوبہ تعز کے مختلف علاقوں میں حوثی جنگجوں کے ٹھکانوں پر 20 فضائی حملے کیے ہیں۔ ترجمان یمنی مسلح افواج کے مطابق 3 گھنٹوں کے (بقیہ نمبر 3)

غزہ 2023 کی تباہ عمارت کے ملبے سے ملی 100 فلسطینی شہدا کی لاشوں کی اجتماعی تدفین

ایک اندازے کے مطابق 8 ہزار سے زائد فلسطینیوں کی لاشیں اب بھی ملبے تلے دبی ہوئی ہیں، سول ڈیفنس

اسرائیلی حملوں میں تباہ شدہ عمارتوں کے ملبے سے 630 سے زائد لاشیں نکالی جاچکی ہیں

غزہ (این این آئی) غزہ میں 100 لاشوں کی اجتماعی تدفین کردی گئی۔ اکتوبر 2023 میں اسرائیلی حملے میں تباہ ہونے والی عمارت کے ملبے سے ملنے والی 100 فلسطینی شہدا کی لاشوں کو اجتماعی طور پر دفنایا گیا۔ فلسطینی سول ڈیفنس کے مطابق گزشتہ سال نومبر (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی کے خلاف ٹارگٹڈ کارروائیاں پاکستان کا دفاعی حق ہیں، ہندوستان کے آلہ کار کے طور پر دہشت گردی کے سنگین نتائج کی ذمہ دار صرف اور صرف طالبان کی مخبوط الحواس قیادت ہے

9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے پر بلا جھجک طاقت کے ساتھ نمٹا جائیگا

کور کمانڈر کانفرنس

دہشت گردی کے خاتمے کے لیے زمینی کارروائیوں کے ساتھ بہترین انتظامی اور گورننس کے اقدامات ناگزیر ہیں، دہشت گردی کے خاتمے کے لیے لازم ہے کہ گورننس کو بنیادی سطح پر عوام کے قریب ترین لایا جائے

یہ بھی ضروری ہے کہ عوام کے ساتھ دہشت گردی کی وجوہات اور معاملات پر موثر رابطہ کاری اور بیانیے پر کام کیا جائے، دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مخصوص عناصر کے زیر سایہ چلنے والے کرائم ٹیررگڈ جوڑ کو توڑنا ضروری ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کور کمانڈر کانفرنس میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے لیے داخلی استحکام انتہائی اہم ہے، کسی بھی جواز پر، پُرتشدد انتشار یا 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے کی کوشش کو فیصلہ کُن طاقت اور قانون کے ساتھ بلا امتیاز اور بلا جھجک نمٹا جائے گا۔ آئی ایس پی (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کور کمانڈر اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

آئی ایم ایف کے پاکستان کیساتھ مذاکرات مہنگائی پر قابو پانے کیلئے شرح سود سخت رکھنے کی تجویز

اقتصادی ٹیم نے آئی ایم ایف مشن کے ساتھ متعدد اجلاسوں میں ملکی معاشی اعداد و شمار کے تخمینوں بارے آگاہ کردیا

پاکستان کا معاشی آؤٹ لک مستحکم ہے۔ روپیہ مستحکم ہے اور مہنگائی میں کمی کا امکان ہے۔ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ ہدف سے کم رہنے کا امکان ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اقتصادی جائزہ مذاکرات میں آئی ایم ایف نے مارکیٹ بیسڈ ایکسچینج ریٹ رکھنے پر زور دیتے ہوئے مہنگائی پر قابو پانے کیلئے شرح سود سخت رکھنے کی تجویز دی ہے۔ اقتصادی ٹیم نے آئی ایم ایف مشن کے ساتھ متعدد اجلاسوں میں و

اسلام آباد: نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

حکومت اپوزیشن مذاکرات کا پہلا دور ختم، (آج) دو بجے دوبارہ مذاکرات ہونگے، فریقین کے درمیان گرما گرمی، سپیکر نے ماحول بہتر کیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان (بقیہ نمبر 10)

پارلیمنٹ ہاؤس، نمازِ جمعہ میں حکومت و اپوزیشن کے مذاکرات کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کی کامیابی کیلئے

صومالی قزاقوں سے چار پاکستانی چھڑوا لیے کل وطن پہنچیں گے

سحاق ڈار

شہید ہونے والے تین پاکستانیوں کے جسد خاکی کی بھی واپس لانے کے لیے اقدامات کیے گئے جارہے ہیں

جبوتی میں پاکستانی سفارتخانہ پاکستانیوں کی رہائی اور واپسی کے لیے کوشاں ہے، یاسر خان، عقیل خان، امین بن شمس اور عثمانی غنی کل کراچی پہنچیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ صومالیہ میں قزاقوں کی جانب سے یرغمال بنائے گئے پاکستانیوں میں سے چار افراد کو چھڑوا لیا گیا ہے، کل وطن واپس پہنچ جائیں گے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بتایا کہ شہید ہونے والے تین پاکستانیوں کے جسد خاکی کی بھی واپس لانے کے لیے اقدامات کیے گئے جارہے ہیں۔ اسحاق ڈار نے مزید بتایا کہ جبوتی (بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم کا شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کی جاری کامیاب کارروائیوں پر خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کی جاری کامیاب کارروائیوں پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 8)

ایران سے جنگ کسی نہ کسی طرح بہت جلد جیت لی جائے گی، ٹرمپ

ایران کے معاملے پر جلد فیصلہ کرنا ہوگا کہ حملہ کیا جائے یا معاہدہ کیا جائے، امریکی صدر

امریکا کو آبنائے ہرمز پر تقریباً مکمل کنٹرول حاصل ہے، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ کسی نہ کسی طرح بہت جلد جیت لی جائے گی۔ اوول آفس میں صحافیوں سے (بقیہ نمبر 5)

810 ملین ڈالرز فنڈز کی کٹوتی پر 7 ریاستیں ٹرمپ انتظامیہ کیخلاف عدالت پہنچ گئیں

7 ریاستوں نے صدر ٹرمپ کے اخراجات روکنے کے اختیار کی حدود پر بھی سوال اٹھایا، رپورٹ

کیلی فورنیا (این این آئی) کیلیفورنیا سمیت 7 امریکی ریاستوں نے ٹرمپ انتظامیہ کے خلاف مقدمہ دائر کردیا ہے جس میں کانگریس سے منظور شدہ 810 ملین ڈالرز (بقیہ نمبر 6)

حکومت، اپوزیشن مذاکرات: پی ٹی آئی کا لانگ مارچ بھی جاری رکھنے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف کے چیئرمین بیر (بقیہ نمبر 7)

وزیراعظم شہباز شریف سے حنیف عباسی کی ملاقات

ریلوے سے متعلقہ امور اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے ملاقات کی جس میں وفاقی وزیر محمد حنیف عباسی نے وزیراعظم کو وزارت (بقیہ نمبر 9)

ڈی جی آئی ایس پی آر کے پی حکومت کو واضح پیغام دیا ہے کہ اب آسان نہیں چلے گا

وزیر دفاع

ڈی جی آئی ایس پی آر نے کے پی حکومت کیخلاف چارج شیٹ پڑھ کر سنائی، آپ دہشتگردی کی سہولت کاری میں ملوث ہوکر سیاست کے پیچھے نہیں چھپ سکتے

دہشت گردی سے لڑ رہے ہیں، آپ آگے کیوں نہیں آتے؟ آپ کیا بزدل ہیں یا دہشت گردوں سے ملے ہوئے ہیں؟ دہشت گردی کے بیانیے میں کنفیوژن ڈالتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے گزشتہ روز اپنی پریس کانفرنس کے دوران کے پی حکومت کے خلاف چارج شیٹ پڑھ کر سنائی۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ آپ دہشتگردی کی سہولت کاری میں ملوث ہوکر سیاست کے پیچھے نہیں چھپ سکتے، ڈی جی آئی ایس پی آر نے یہ واضح الفاظ بتا دیا ہے۔ خواجہ آصف نے کہا ہم دہشت گردی سے لڑ رہے ہیں، آپ آگے کیوں نہیں آتے؟ آپ کیا بزدل ہیں یا دہشت گردوں سے ملے ہوئے ہیں؟ دہشت (بقیہ نمبر 14)

شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کا آپریشن 7 خوارج ہلاک

صدر و وزیراعظم کا جوانوں کو خراج تحسین

فورسز نے شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا جس میں فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائی میں دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو بھی تباہ کردیا گیا، سکیورٹی ذرائع

سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور جوانوں کی شاندار کارگردگی ملکی امن و سلامتی کی ضامن ہے، وزیر داخلہ محسن نقوی

شمالی وزیرستان / اسلام آباد (این این آئی) شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 7 خوارج مارے گئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے شمالی وزیرستان کے علاقے عیدک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 7 خوارج جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور جوانوں کی شاندار کارگردگی ملکی امن و سلامتی کی ضامن ہے۔ جمعہ کو سکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا جس (بقیہ نمبر 12)

امریکا، 270 سے زائد کیتھولک پادریوں کے 1 ہزار بچوں کو زیادتی کا نشانہ بنانے کا انکشاف

چرچ کے بعض عہدیداروں نے شکایات اور انتہامات پر مناسب کارروائی نہیں کی اور بعض ملزمان پادریوں کو دوسری جگہ منتقل کیا گیا، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست میساچوسٹس میں سرکاری تحقیقات کے دوران انکشاف ہوا ہے کہ 270 سے زائد کیتھولک پادریوں و عہدیداروں (بقیہ نمبر 19)

وائٹ ہاؤس نے شہباز شریف کی ٹرمپ سے ملاقات کی تصاویر جاری کردیں

اسلام آباد (این این آئی) وائٹ ہاؤس نے وزیراعظم شہباز شریف اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ملاقات کی تصاویر (بقیہ نمبر 18)

اے آئی ایجنٹس کی امریکی و کینیڈین سرکاری ویب سائٹس ہیک کرنے کی کوشش

محققین کو ہیکنگ کی 2 ابتدائی اور ناکام کوششوں کا سراغ ملا، تحقیقی ادارے ٹرانس لوس کی رپورٹ

اے آئی ایجنٹس کسی بھی انسانی ہدایت یا حکم کے بغیر، خودکار طریقے سے کارپوریٹ اور حکومتی کمپیوٹر سسٹمز میں داخل ہونے

سان فرانسسکو (این این آئی) سائبر سیکیورٹی ریسرچرز نے انکشاف کیا ہے کہ معروف الیکٹرو ٹیکنالوجی لیب کے تحت (بقیہ نمبر 17)

راہل گاندھی کی مدھیہ پردیش میں قبائلیوں کی حالت زار پر بی جے پی حکومتوں پر کڑی تنقید

نئی دلی (این این آئی) بھارت میں حزب اختلاف کی مرکزی جماعت انڈین نیشنل کانگریس کے لیڈر اور لوک سبھا میں (بقیہ نمبر 16)

حافظ نعیم الرحمٰن نے تحریکِ تحفظِ آئینِ پاکستان کی اے پی سی میں شرکت کی دعوت قبول کرلی

پی ٹی آئی سے مذاکرات بامعنی ہونے چاہئیں، پی ٹی آئی نے بھی مذاکرات سے انکار نہیں کیا، حافظ نعیم الرحمٰن

اسلام آباد (این این آئی) تحریکِ تحفظ آئین پاکستان کے وفود نے جماعتِ اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن سے ملاقات کی، ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو میں علامہ ناصر (بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر کی زیر صدارت اجلاس

اسلام آباد میں جیم سٹون مرکز کے قیام بارے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

جیم سٹون کے لیے عالمی معیار کا جدید مرکز قائم کیا جائے گا، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان کی زیر صدارت جیم سٹون کے مرکز کے قیام سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر رانا احسان افضل، ایڈیشنل سیکرٹری حمیرا ضیا مفتی اور جوائنٹ سیکرٹری فریڈو (بقیہ نمبر 20)

ہشتگرد جہاں سے بھی آئے وہ ہشتگرد ہی ہے

وزیراعلیٰ پنجاب

پاکستان نے بھارت کو جنگ میں بھرپور جواب دیا، مسلح افواج دہشتگردی کا بھرپور مقابلہ کررہی ہیں، دنیا میں پاکستان کا ایک نیا تشخص اجاگر ہورہا ہے

جب تک اندرونی نظام درست نہیں ہوتا، داخلی سکیورٹی کو خطرہ رہے گا، سب سے پہلے ہم سب پاکستانی ہیں، کچھ چیزیں واضح ہیں جن پر توجہ دینی چاہئے، ہمارا زوال وہاں سے شروع ہوا جہاں ہمارا تسلسل ختم ہوا

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ دہشتگرد جہاں سے بھی آئے وہ دہشتگرد ہی ہے، اس کی کوئی درجہ بندی نہیں ہوتی۔ لیڈرشپ کورس کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ آپ سب سے ملاقات کرکے بہت اچھا لگا، سرکاری افسران ایمانداری اور لگن سے کام کریں، پاکستان کی ترقی اور عوام کی خدمت کیلئے اپنی خدمات بہتر (بقیہ نمبر 21)

پاکستان قونصلیٹ جنرل دبئی کے زیر اہتمام پاسبان ترسیلاتِ زر انعامی اسکیم کے حوالے سے آگاہی سیشن کا انعقاد

نیشنل بینک آف پاکستان کی متحدہ عرب امارات کی ٹیم نے شرکا کو اسکیم کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی

دبئی (این این آئی) قونصلیٹ جنرل آف پاکستان، دبئی کے زیر اہتمام حال ہی میں حکومتِ پاکستان کی جانب سے متعارف کرائی گئی پاسبان ترسیلاتِ زر انعامی اسکیم (بقیہ نمبر 22)

واشنگٹن ڈی سی: سفیر رضوان سعید شیخ طلبہ سے، سفارت خانہ پاکستان کے دورے کے دوران ملاقات کررہے ہیں

چین کی انسانی حقوق کو سیاسی رنگ دینے، آلہ کار اور ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی مخالفت

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں چین کے مستقل نمائندے فو (بقیہ نمبر 23)

جاپان میں چینی سفارت خانے کا کودائی موراتا کیخلاف مقدمے میں جاپان سے سنجیدہ رویہ اپنانے اور ملزم کو سخت سزا دینے کا مطالبہ

ٹوکیو (این این آئی) ٹوکیو ڈسٹرکٹ کورٹ میں جاپان میں چین کے (بقیہ نمبر 24)

گولڈن ویک سے چین کی تعطیلاتی معیشت کا سنہرا دور نمایاں، چینی میڈیا سروے

بیجنگ (این این آئی) چین کے قومی دن کی تعطیلات کے دوران ملک میں غیر ملکی سیاحت کا رجحان مسلسل بڑھ رہا ہے اور (بقیہ نمبر 25)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف گوجرانوالہ میں چلائی جانے والی الیکٹروبس کا معائنہ کرنے جارہی ہیں

حکومتی وفد سے مذاکرات کے بعد ہی لانگ مارچ کے حوالے سے فیصلہ ہوگا، عامر ڈوگر

لانگ مارچ کی تیاری جاری ہے، تمام سرگرمیاں آئین اور قانون کے دائرے میں رہ کر کی جائیں گی، رہنما تحریک انصاف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما عامر ڈوگر نے کہا ہے کہ لانگ مارچ کی تیاری جاری ہے، تاہم تمام سرگرمیاں آئین اور قانون کے دائرے میں رہ کر کی جائیں گی۔ ایک انٹرویو میں عامر ڈوگر نے کہا کہ حکومتی وفد سے مذاکرات کے بعد ہی لانگ مارچ کے حوالے سے آئندہ کا فیصلہ کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 27 ستمبر کا لانگ مارچ ملتوی کرکے حکومت کو وقت دیا گیا تھا اور حکومتی وفد سے ملاقات کے بعد (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد میں کسی کو انارکی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی ملک احمد خان

بعض عناصر اسلام آباد کا محاصرہ کرکے سپریم کورٹ پر اثرانداز ہونے کی کوشش کرتے رہے ہیں

بار بار جتھہ بندی کے نتیجے میں 9 مئی جیسے حالات پیدا ہوسکتے ہیں، اسپیکر پنجاب اسمبلی کی پریس کانفرنس

وزیراعظم ہاؤس، پی ٹی وی، سپریم کورٹ اور کانسٹیٹیوشن ایونیو پر ہونے والے واقعات سب کے سامنے ہیں

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش موجودہ چیلنجز پر قابو پانا تمام سیاسی قوتوں اور اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے، سیاسی اختلافات کو ملکی مفاد پر قربان کرنا ہوگا جبکہ ریاست کی سلامتی اور استحکام ہر چیز سے مقدم ہے، اسلام آباد میں کسی کو انارکی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مختلف اوقات میں اسلام آباد پر چڑھائی کرکے افراتفری پیدا کرنے کی کوشش کی گئی، اب ایک مرتبہ پھر پشاور سے جتھے آنے اور دہاوا ڈالنے کی بات کی جارہی ہے، بعض عناصر (بقیہ نمبر 36)

اماراتی پرواز واقعے پر نیتن یاہو کو شدید تنقید کا سامنا

اماراتی پرواز کے مسافر سے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی ملاقات کی ویڈیو پر سوشل میڈیا صارفین نے کئی سوالات اٹھادیے

نیتن یاہو نے سوشل میڈیا ویب سائٹ ایکس پر اماراتی پرواز میں کے اسرائیلی مسافر یانیو ہیون سے ملاقات کی ویڈیو شیئر کردی

دبئی (این این آئی) دبئی سے تل ابیب جانے والی فلائی دبئی کی پرواز میں پیش آنے والے واقعہ کو سوشل میڈیا پر اسرائیلی پروپیگنڈا قرار دیا جانے لگا۔ اماراتی پرواز کے مسافر سے اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کی ملاقات کی ویڈیو پر سوشل میڈیا صارفین نے کئی سوالات اٹھادیے ہیں۔ نیتن یاہو نے سوشل میڈیا ویب سائٹ ایکس پر اماراتی پرواز میں کے اسرائیلی مسافر یانیو ہیون سے ملاقات کی ویڈیو شیئر کی۔ دورانِ ملاقات یانیو ہیون نے اسرائیلی وزیر اعظم کو بتایا کہ (بقیہ نمبر 27)

مدینہ منورہ پر حملہ امت مسلمہ کے دلوں اور عقیدے پر حملہ ہے مولانا فضل الرحمٰن

مدینہ منورہ پر حملے کی خبر سے دل رنجیدہ اور زخمی ہے، مقدس شہر پر حملے کی جسارت سفاکیت کی انتہا ہے، سربراہ جے یو آئی

مدینہ منورہ پر حملہ عالم اسلام کے دلوں اور عقیدے پر حملہ ہے، یہ صرف مملکتِ سعودی عرب پر نہیں بلکہ پوری امتِ مسلمہ پر حملہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے مدینہ منورہ پر حوثیوں کے حملے کی خبر پر گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مدینہ منورہ پر حملے کی خبر سے دل رنجیدہ اور زخمی ہے، مقدس شہر پر حملے کی جسارت سفاکیت کی انتہا ہے۔ ایک بیان میں مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ مدینہ منورہ پر حملے کی خبر سے دل رنجیدہ اور زخمی ہے، مقدس شہر پر حملے کی جسارت سفاکیت کی انتہا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ مدینہ منورہ پر حملہ عالم اسلام کے دلوں اور عقیدے پر حملہ ہے، یہ صرف مملکتِ سعودی عرب پر نہیں بلکہ پوری امتِ مسلمہ پر حملہ ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ امت مسلمہ کو یکجا ہوکر حملہ آوروں کا مقابلہ کرنا ہوگا، مسلمان حکمراں اگر حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے متحد نہیں ہوں (بقیہ نمبر 32)

چین کا اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی تیسری کمیٹی میں 28 ممالک کی جانب سے مشترکہ خطاب، یکطرفہ جبری اقدامات روکنے کا مطالبہ

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ میں چین کے مستقل مندوب (بقیہ نمبر 30)

بھارت کا امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی بھارت سے متعلق پالیسیوں پر کھل کر تحفظات کا اظہار

امریکا کی پاکستان سے بڑھتی قربت بھی بھارت کے لیے تشویش کا باعث بن گئی، میڈیا رپورٹ

دونوں ممالک کے درمیان تجارتی معاہدے پر بات چیت جاری ہے مگر زرعی شعبے سمیت کئی معاملات پیچیدہ ہیں، جے شنکر

نئی دہلی / واشنگٹن (این این آئی) بھارت نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی بھارت سے متعلق پالیسیوں پر کھل کر تحفظات کا اظہار شروع کردیا جبکہ امریکا کی پاکستان سے بڑھتی قربت بھی بھارت کے لیے تشویش کا باعث بن گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بھارتی وزیر (بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب سے ورلڈ بینک کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

صحافتی برادری کے حقوق، فلاح و بہبود اور پریس کلب کی بہتری کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کا عزم

ساہیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پریس کلب رجسٹرڈ ساہیوال کے سال 2026-27 کے لیے نامزد چیئرمین چوہدری محمد اشرف نے اپنے عہدے کا حلف اٹھالیا حلف برداری کی پروقار تقریب پریس کلب رجسٹرڈ ساہیوال میں منعقد ہوئی، جس میں صدر و عہدیداران سپریم کونسل کے اراکین، سابق عہدیداران اور پریس کلب کے ممبران نے بڑی تعداد میں شرکت کی صحافتی برادری کے اتحاد، صحافیوں کے حقوق کے تحفظ، فلاح و بہبود اور پریس کلب کی مزید ترقی کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے چوہدری محمد اشرف نے کہا کہ وہ پریس کلب کے ممبران کے اعتماد پر پورا اترنے اور صحافتی برادری کی بہتری کے لیے اپنی ذمہ داریاں خلوص اور بھرپور انداز میں ادا کرنے کی کوشش کریں گے تقریب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ صاحب، ڈاکٹر ندا اقبال نیگورنمنٹ ہائی سکول کینیڈا کالونی ننکانہ صاحب کا سرپرائز وزٹ کیا

اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ صاحب، ڈاکٹر ندا اقبال نیگورنمنٹ ہائی سکول کینیڈا کالونی ننکانہ صاحب کا سرپرائز وزٹ کیا

ننکانہ صاحب (محمد عرفان رفیع تحصیل بیورو چیف) اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ صاحب، ڈاکٹر ندا اقبال نیگورنمنٹ ہائی سکول کینیڈا کالونی ننکانہ صاحب کا سرپرائز وزٹ کیا۔ دورے کا بنیادی مقصد تعلیمی معیار، تدریسی عمل، کلاس رومز کی صورتحال اور سکول کے نظم و ضبط کا جائزہ لینا تھا اسسٹنٹ کمشنر صاحبہ مختلف کلاس رومز میں جا کر طلبہ سے نصابی سوالات کیے اور ان کی تعلیمی استعداد کار کو جانچا۔ انہوں نے طلبہ کی تعلیمی کارکردگی اور جواب دینے کی صلاحیت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ؟ تدریسی عملے اور طلبہ کی وقت پر حاضری کو چیک کیا گیا۔ کلاس رومز میں ڈسپلن اور تعلیمی ماحول کو سراہا گیا؟ انہوں نے کلاس رومز میں روشنی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

اوکاڑہ سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر کی زیرنگرانی شیرگڑھ میں نجی مل کے 50 ورکرز کے لیے فائر سیفٹی ٹریننگ ورکشاپ کا انعقاد

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر کی زیرنگرانی شیرگڑھ میں نجی مل کے 50 ورکرز کے لیے فائر سیفٹی ٹریننگ ورکشاپ کا انعقاد، محکمہ سول ڈیفنس کی جانب سے شیرگڑھ میں واقع ایک نجی مل کے 50 سے زائد ورکرز کو فائر سیفٹی اور آگ پر قابو پانے کے عملی انتظامات کے حوالے سے ایک روزا خصوصی ٹریننگ ورکشاپ فراہم کی گئی۔ ٹریننگ کے دوران سول ڈیفنس کے ماہر انسٹرکٹرز نے صنعتی ورکرز کو ہنگامی حالات، آتشزدگی کے واقعات اور دیگر ناگہانی آفتوں سے نپٹنے کے لیے عملی مشقیں کرائیں۔ سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر نے کہا کہ صنعتی و تجارتی اداروں میں کام کرنے والے ورکرز کی جان و مال کی حفاظت انتہائی اہم ہے اور اسی مقصد کے لیے سول ڈیفنس کی ٹیمیں متحرک ہیں۔ انہوں نے مل انتظامیہ کو ہدایت کی کہ تمام کارخانوں اور ملوں میں جدید فائر فائٹنگ کے آلات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

ریجنل ٹریننگ سنٹر کے زیراہتمام پولیس لائنز بہاولپور میں SSOIU کا تربیتی سیشن کا منعقد کیا گیا

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی محمد صلاح الدین کی خصوصی ہدایات پر ریجنل ٹریننگ سنٹر کے زیر اہتمام پولیس لائنز بہاولپور میں SSOIU کا تربیتی سیشن کا منعقد کیا گیا بہاولپور ریجن کے تینوں اضلاع میں SSOIU میں تعینات افسران و اہلکاران نے اس تربیتی سیشن میں شرکت کی ضلع بہاولپور کے افسران و اہلکاران نے فزیکلی جبکہ بہاولنگر اور رحیم یار خان کے افسران و اہلکاران نے آن لائن سیشن میں شرکت کی ایس پی لیگل محمد خان نے رولز اور قانونی ضوابط پر شرکا کو خصوصی لیکچر دیا۔ پبلک پراسیکیوشن اور پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی کے نمائندگان نے بھی شرکا کو اہم امور پر لیکچرز دیے۔ ڈی ایس پی توقیر انور اور ڈی ایس ایس لیگل جام محمد حسن نے SSOIU کے تفتیشی و قانونی امور پر آگاہی دی۔ بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) باقر پور، دوسالہ بچہ بالٹی میں ڈوب کر جاں بحق،

ریسکیو زرائع کے مطابق گذشتہ روز بلووالا چوک باقر پور بہاول پور دو سالہ بچہ رضوان ولد محمد شان عمر دو سال سکنہ بلووالا چوک باقر پور بہاول پور کھیلتے ہوئے واش روم میں پانی والی بالٹی کے اندر گر کر پانی میں ڈوب گیا تھا۔ ریسکیو سٹاف کے پہنچنے سے پہلے بچے کو لواحقین نے پانی والی بالٹی سے نکال لیا تھا۔ ریسکیو سٹاف نے موقع پر پہنچ کر وائیٹل سائن چیک جو کہ نل تھے سی پی آر کرتے ہوئے بچے کو ڈسٹرکٹ ہسپتال شفٹ کر دیا۔

دیپال پور میں سب رجسٹرار دفاتر کا رجسٹری سسٹم مبینہ طور پر شدید متاثر، بائیومیٹرک تصدیق میں رکاوٹ، شہری پریشان

دیپال پور (امام دین + نامہ نگار) دیپال پور میں سب رجسٹرار دفاتر سے متعلق رجسٹری کے آن لائن لاگ ان اور بائیومیٹرک تصدیقی نظام میں مبینہ خرابی کے باعث شہریوں، خریداروں، فروخت کنندگان اور پراپرٹی سے وابستہ افراد کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ متاثرہ شہریوں کا کہنا ہے کہ لاکھوں روپے کے سرکاری واجبات، ٹیکسز اور دیگر فیسیں ادا کر کے رجسٹری کا عمل مکمل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے، تاہم بائیومیٹرک تصدیق میں رکاوٹ کے باعث معاملہ آگے نہیں بڑھ پا رہا پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی کے مطابق ای رجسٹریشن کے عمل میں خریدار، فروخت کنندہ اور گواہوں کی تفصیلات درج کرنے کے بعد سب رجسٹرار کے مرحلے پر فریقین کے بیانات اور دیگر قانونی کارروائی مکمل کی جاتی ہے، جبکہ پراپرٹی ٹرانسفر کے نظام میں بائیومیٹرک تصدیق بھی لازمی مراحل میں شامل ہے شہریوں کے مطابق دیپال پور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

ہارون آباد سوشل میڈیا پر وائرل ایک نجی سائنس کالج کے پرنسپل کے خلاف طالبہ کی والدہ کی طرف سے مبینہ اخلاق باختہ الزامات اور بعد ازاں مذکورہ پرنسپل کی تردیدی ویڈیو

ہارون آباد (تحصیل رپورٹر) ہارون آباد سوشل میڈیا پر وائرل ایک نجی سائنس کالج کے پرنسپل کے خلاف طالبہ کی والدہ کی طرف سے مبینہ اخلاق باختہ الزامات اور بعد ازاں مذکورہ پرنسپل کی تردیدی ویڈیو نے عوام کو نا صرف اضطراب میں مبتلا کر دیا ہے بلکہ استاد شاگرد جیسے مقدس رشتہ پر بھی سوالیہ نشان لگ گیا ہے اور والدین اپنے بچوں خصوصاً طالبات کی تعلیم بارے فکرمند ہو گئے سوشل میڈیا پر وائرل نجی سائنس کالج کی طالبہ کی والدہ کی طرف سے پرنسپل کے خلاف مبینہ الزامات پر طرح طرح کے کومنٹس اور ریماکس تبصرے جاری ہیں اور والدین زیر تعلیم اپنی بچیوں بارے شدید پریشان ہو گئے ہیں کہ بھاری بھاری فیسیں ادا کرنے کے باوجود بھی ان بچے خصوصاً طالبات کسی بھی لحاظ سے محفوظ نہیں ہیں اسی اضطرابی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

پنجاب ہائی وے پولیس چیک پوسٹ ارتالی ورکاں نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے لاہور سے مطلوب ملزم کو گرفتار کر لیا

نوشہرہ ورکاں (تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے نوشہرہ ورکاں تھانہ تلیعالی کے علاقے گوجرانوالا شیخوپورہ روڈ پر ارتالی ورکاں پنجاب ہائی وے پولیس چیک پوسٹ ارتالی ورکاں کی بڑی کارروائی ارتالی ورکاں پنجاب ہائی وے پولیس چیک پوسٹ ارتالی ورکاں نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے لاہور سے مطلوب ملزم کو گرفتار کر لیا اے ایس آئی طاہر مغل کی سربراہی میں ڈائیو بس کی چیکنگ کے دوران ایک مشکوک شخص کو حراست میں لیا جس کی شناخت پر معلوم ہوا کہ وہ تھانہ ڈیفنس لاہور کے مقدمہ نمبر 26/874 میں چوری کی واردات مطلوب ھے ملزم کا تعلق گوجرانوالا سے بتایا جاتا ھے ابتدائی کاروائی کے بعد ملزم کو قانونی

کارروائی کے لیے تھانہ تلیعالی پولیس کے حوالے کر دیا گیا ھے دوران تفتیش ملزم سے 30 بور ناجائز پسٹل برآمد ہونے پر ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ھے تھانہ تلیعالی پولیس مصروف تفتیش.

ہونہار طالب علم محمد زین ولد محمد حسین کو لاہور میراتھن ریس 2026 کی 10 کلومیٹر کیٹیگری میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر اعزازی شیلڈ پیش

کوٹ رادھا کشن (سہیل الطاف خاں) المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی تحصیل کوٹ رادھا کشن کے وفد نے ہومیو ڈاکٹر صابر علی میراں کی قیادت میں گورنمنٹ ہائی سکول کوٹ سردار محمد خان، کے ہونہار طالب علم محمد زین ولد محمد حسین کو لاہور میراتھن ریس 2026 کی 10 کلومیٹر کیٹیگری میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر اعزازی شیلڈ پیش کی۔ اس موقع پر طالب علم محمد زین کو مبارک باد پیش کی گئی اور ان کے قابلِ احترام اساتذہ کرام پرنسپل محمد مصطفیٰ خان۔ محمد نعیم اکرم، رؤف ذوالفقار کی محنت، رہنمائی اور تربیت کو بھی خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ اساتذہ کرام کی محنت ہی طلبہ کی کامیابی اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔ اس موقع پر المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی تحصیل کوٹ رادھا کشن کے صدر حاجی محمد انصاری، ممبر کور کمیٹی ڈاکٹر امتیاز سجاد اور ممبر کور کمیٹی ہومیو ڈاکٹر حکیم صابر علی میراں نے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے اساتذہ کرام کی عزت و احترام کی اہمیت پر زور دیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر شہزاد احمد چوہدری، یاسر مجید مہر، حاجی محمد اکرم انصاری، مہر خالد محمود، مولوی محمد اکرم انصاری، شیخ مظہر فرید جاوا، جاوید احمد ساقی، و دیگر بھی موجود تھے انہوں نے طلبہ کو نصابی تعلیم کے ساتھ کھیلوں اور مثبت سماجی سرگرمیوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

ساہیوال: پنجاب چیریٹی کمیشن کے زیر اہتمام سول سوسائٹی تنظیموں کے لیے تربیتی ورکشاپ، 125 این جی اوز کے نمائندگان شریک

ساہیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب چیریٹی کمیشن، محکمہ داخلہ پنجاب کے زیر اہتمام فریش واٹر ایکشن نیٹ ورک ساؤتھ ایشیاء ا، کرسٹل ویو فاؤنڈیشن، کمیونٹی ڈیولپمنٹ کونسل اور پنجاب سول سوسائٹی نیٹ ورک کے تعاون سے ساہیوال سمیت جنوبی پنجاب کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والی سول سوسائٹی آرگنائزیشنز کے لیے اہم تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں 125 این جی اوز کے نمائندگان اور دیگر اہم اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی ورکشاپ کا مقصد سول سوسائٹی اور حکومت کے درمیان مؤثر شراکت داری و تعاون کو فروغ دینا، فلاحی اداروں کو داخلی کنٹرول میکنزمز کے حوالے سے تربیت فراہم کرنا اور چیریٹی سیکٹر کو درپیش سماجی و معاشی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مربوط حکمت عملی وضع کرنا تھا ورکشاپ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایمرجنسی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے کنٹرول	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری، نیشنل سیل	99213100
پولیس ہیلپ لائن	99202881
ایمرجنسی شکایت سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو ایچ ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
ٹالمیڈ بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

چیرمین بورڈ اشتیاق گوندل کی قیادت میں کھیلوں کے فروغ کا مشن جاری رہے گا، ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن سید جاوید اختر

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور اشتیاق احمد گوندل کی خصوصی ہدایت پر سیکرٹری بورڈ عدیل مالک چیمہ کی زیر نگرانی ڈائریکٹر سپورٹس جاوید اختر شاہ، اسسٹنٹ آفیسر رانا نوید نے بورڈ کی طرف سے طلباء سکول بہاول پور نے میدان مارلیا۔ جیتنے والی ٹیموں میں

وطالبات میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینے، صحت مند اور مثبت ماحول کے قیام اور سپورٹس مین شپ کے جذبے کو اجاگر کرنے کے لیے نمائشی سپورٹس ٹورنامنٹ منعقد کروایا۔ ٹورنامنٹ میں گورنمنٹ گرلز جونیئر ماڈل ہائی سکول بہاول پور اور گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول سیٹلائٹ ٹاؤن نے ہینڈ بال اور نیٹ بال کھیلوں میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ نمائشی ٹورنامنٹ کی تقریب میں سیکرٹری بورڈ پروفیسر عدیل مالک چیمہ اور کنٹرولر امتحانات سید محمد وحید الزمان ہمدانی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ نیٹ بال میں گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول ماڈل ٹاؤن اے بہاول پور نے برتری حاصل کی جبکہ ہینڈ بال میں گورنمنٹ جونیئر ماڈل گرلز ہائی سکول بہاول پور نے میدان مار لیا۔ جیتنے والی ٹیموں میں سیکرٹری بورڈ اور کنٹرولر امتحانات نے ٹرافیاں تقسیم کیں۔ سیکرٹری بورڈ پروفیسر عدیل مالک چیمہ نے کھلاڑیوں سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کھیل انسانی شخصیت کی تعمیر، صحت مند جسم اور مثبت سوچ کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ تعلیمی اداروں میں کھیلوں کی سرگرمیوں کا انعقاد ٹیم ورک، نظم و ضبط، برداشت اور باہمی تعاون کے جذبے کو فروغ دیتا ہے۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

پولیس چوکی انچارج کوٹ خادم علی شاہ عامر ملک TSI تھانہ فرید ٹاؤن کی کامیاب کارروائی

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) پولیس چوکی کوٹ خادم علی شاہ کے انچارج عامر ملک TSI تھانہ فرید ٹاؤن نے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے عمران عرف ٹینی گینگ سے مبینہ طور پر تین رکشے اور تین موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں، جبکہ گرفتار ملزمان کو قانونی کارروائی کے لیے پابندِ سلاسل کر دیا گیا پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران مبینہ موٹر سائیکل چور گینگ کے قبضے سے برآمد ہونے والی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو تحویل میں لے لیا گیا ہے، جبکہ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ تفتیش کے دوران گینگ کی جانب سے کی جانے والی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

تمام منصوبے اعلیٰ معیار کے ساتھ مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں، ڈپٹی کمشنر آصف رضا

عارفوالا (تحصیل رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق پاکپتن اور عارفوالا میں شہری خوبصورتی، جدید شہری سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے منصوبوں کو محض تعمیراتی سرگرمیوں تک محدود رکھنے کے بجائے شہریوں کیلئے بہتر، منظم اور خوبصورت ماحول کی عملی شکل دی جائے، تمام منصوبے اعلیٰ معیار کے ساتھ مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے ضلع میں جاری و نئے شہری ترقیاتی اور خوبصورتی کے منصوبوں پر پیش رفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبوں کی پیش رفت کی مسلسل نگرانی، تعمیراتی معیار کی جانچ اور مؤثر فالو اپ کے ذریعے مقررہ ٹائم لائن کی پابندی یقینی بنائی جائے۔ اجلاس میں ضلع کونسل اور میونسپل کمیٹی پاکپتن کے جاری و نئے منصوبوں پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل و سوشل سروسز عمر سرور نے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں سی او ضلع کونسل، سی او میونسپل کمیٹی اور دیگر متعلقہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی چیزیں چُرالی گئیں

کامونکے (تحصیل رپورٹر) چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی چیزیں چُرالی گئیں۔ گذشتہ رات نواحی گاؤں بھانپور کے محمد ارشاد کی حویلی سے نامعلوم چور لاکھوں روپے مالیت کی دو بھینسیں چوری کر کے لے گئے۔ حمید پور کلاں کے زمینداروں نوید احمد، حاجی عبدالرحمٰن اور شعیب کے کھیتوں سے بجلی کی موٹریں چوری ہو گئیں۔ جبکہ گورنمنٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

پولیس نے دو منشیات فروشوں سے تین کلو سے زائد چرس برآمد کر لی

کامونکے (تحصیل رپورٹر) پولیس نے دو منشیات فروشوں سے تین کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ گذشتہ روز ٹی اور واہنڈو پولیس نے دور ان گشت پُرانا گھنیا کے عباس سے ایک کلو چھ سو بیس گرام اور واہنڈو کے محمد مالک سے ایک کلو چھ سو گرام (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کی شکایات سنیں

ساہیوال (بیورو رپورٹ) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کی شکایات سنیں۔ انہوں نے تمام سائلین کی درخواستوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو فوری حل کے لئے احکامات جاری کئے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ سمیع اللہ فاروق بھی موجود تھے۔

دریائے چناب میں ایک شخص ڈوبنے کی اطلاع ریسکیو 1122

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) کی حدود چکرالہ کے قریب سے گزرتے دریائے چناب میں ایک شخص ڈوبنے کی اطلاع ریسکیو 1122 ابتدائی اطلاع کے مطابق 60 سالہ بزرگ اپنی بیوی کے ساتھ دریا پر بھینسیں نہلا رہا تھا کہ اچانک گہرے پانی میں جانے کے باعث ڈوب گیا ریسکیورز آپریشن کے ڈائیونگ کے دوران ڈیڈ باڈی کو تلاش (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

رکشہ سوار چار ڈاکوؤں نے راہگیر کو لوٹ لیا

کامونکے (تحصیل رپورٹر) رکشہ سوار چار ڈاکوؤں نے راہگیر کو لوٹ لیا۔ گذشتہ رات تھیٹری سانسی گوجرانوالہ محمد منیر جی ٹی روڈ چیانوالی ٹول پلازہ کے قریب پیدل جا رہا تھا کہ رکشہ سوار چار ڈاکو اُس سے اڑھائی ہزار روپے اور موبائل فون چھین کر لے گئے۔ صدر پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

شیرگڑھ سمیت تحصیل رینالہ خورد کے تمام سرکاری سکولوں میں تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے جامع اقدامات جاری سید فرید الحسن شاہ

شیرگڑھ (نمائندہ سحر) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر رینالہ خورد ڈاکٹر سید فرید الحسن شاہ نے صدر مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیرگڑھ عمران زاہد کھوکھر سے گفتگو

کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحصیل رینالہ خورد کے تمام سرکاری سکولوں میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے، اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے اور طلبہ کی ہمہ جہت تربیت کے لیے متعدد تعلیمی و انتظامی اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اساتذہ کی باقاعدہ تربیت، روزانہ سبق کی منصوبہ بندی، ٹیچر ڈائری کی پابندی اور جی پی ایس کیمروں کے ذریعے تصویری حاضری کے نظام کو مؤثر بنایا جا رہا ہے، جبکہ طلبہ کی تعلیمی استعداد بڑھانے کے لیے پی ای سی امتحانات کی خصوصی تیاری، ہفتہ وار و ماہانہ ٹیسٹ اور انگریزی ریڈنگ، فہم، درست تلفظ اور ترجمے کی مشقوں پر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

ساہیوال ڈویژن سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے 5 سالہ انتخابات میں صدر رانا سیف اللہ طاہر جنرل سیکرٹری محمد حسین منتخب ہو گئے

پاکپتن (نامہ نگار) ساہیوال ڈویژن سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے 5 سالہ انتخابات میں صدر رانا سیف اللہ طاہر جنرل سیکرٹری محمد حسین منتخب ہو گئے، تفصیلات کے مطابق ساہیوال ڈویژن سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے انتخابات میں 30/2026 کامیابی سے منعقد ہوئے، اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ اس کے بعد الیکشن کمیشن نے انتخابات کے قواعد و ضوابط اور طریقہ؟ کار کے متعلق تمام ممبران کو آگاہ کیا۔ انتخابی عمل آئینی و جمہوری اصولوں کے مطابق مکمل کیا گیا، انتخابات کے نتیجے میں نومنتخب عہدیداران چیئرمین رانا محمد عادل، وائس چیئرمین راؤ عظمت اللہ خان، صدر رانا سیف اللہ طاہر فزیکل ٹیچر جنرل سیکرٹری محمد حسین فنانس سیکرٹری سیاکلسٹ محمد یوسف، سینئر نائب صدر میاں جہانگیر احمد وٹو، نائب صدر وقار فرید جگنو، نائب صدر حکیم ساجد رضا، ارگنائزر سیکرٹری، عفان کمبوہ، سکریٹری انفارمیشن بی اے وٹو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

جامع مسجد فیضان اہل بیتؑ کوٹ فاضل میں محفل میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دستار فضیلت کا انعقاد کیا گیا

بچیکی (نامہ نگار) جامع مسجد فیضان اہل بیت کوٹ فاضل میں محفل میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دستار فضیلت کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت علامہ پیر نصیر احمد گجراتی نے کی، محفل کے دوران نعت وسلم پر گفتگو کرتے ہوئے شرکاء پر زور دیا کہ وہ اپنی زندگیاں اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات کے مطابق بسر کریں، رائے مظفر خان کھرل کی زیر سرپرستی ہونے والی محفل

خوانوں نے درود و سلام اور ہدیہ نعت پیش کر کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنی عقیدت و محبت کا اظہار کیا جبکہ معروف عالم دین مفتی خان محمد قادری نے فضائل قرآن اور شان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ کے دوران حفظ قرآن کی سعادت حاصل کرنے والے دس حفاظ کرام حافظ محمد عدنان، حافظ محمد ثقلین، حافظ احمد فراز، حافظ عبدالرحمان، حافظ محمد بلال، حافظ محمد یاسین، حافظ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

جرنلسٹ پروٹیکشن بل منظور، پارلیمنٹ نے صحافیوں کے تحفظ کے لیے ایک اہم قانون، "جرنلسٹ پروٹیکشن بل" منظور کر لیا ہے

ہارون آباد۔ (تحصیل رپورٹر) صحافی کو دھمکی دینا یا تشدد کرنا اب ناقابل ضمانت جرم قرار، جرنلسٹ پروٹیکشن بل منظور پارلیمنٹ نے صحافیوں کے تحفظ کے لیے ایک اہم قانون، "جرنلسٹ پروٹیکشن بل" منظور کر لیا ہے، جس کے تحت صحافیوں کو ان کے پیشہ وارانہ فرائض کی انجام دہی میں رکاوٹ ڈالنے، زبانی یا جسمانی دھمکیاں دینے، یا ان پر تشدد کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ نئے بل کے مطابق: کسی بھی صحافی کو زبان درازی، گالم گلوچ یا تشدد کا نشانہ بنانے پر ناقابلِ ضمانت مقدمہ درج کیا جائے گا۔ ذرائع (Sources) کے بارے میں معلومات لینے کے لیے دباؤ ڈالنے کو بھی جرم تصور کیا جائے گا۔ صحافی کو پیشہ وارانہ کام سے روکنے یا ڈرانے دھمکانے پر ملوث شخص یا ادارے کے خلاف قانونی کارروائی ہوگی۔ قانونی ماہرین اور صحافتی تنظیموں نے اس اقدام کو خوش آئند (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

صحافی کو کوریج مہنگی پڑ گئی، جنازے سے موٹر سائیکل چوری، تھانہ ڈھلیانہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان

ڈھلیانہ (سردار محمد اشفاق) صحافی کو کوریج مہنگی پڑ گئی، جنازے سے موٹر سائیکل چوری، تھانہ ڈھلیانہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان تفصیلات کے مطابق واپڈا کے ایکسین ملک رب یار کی نماز جنازہ کی کوریج صحافی کو مہنگی پڑ گئی۔ ٹی وی ٹوڈے کے نمائندے چودھری وسیم کو کوریج کے لیے موٹر سائیکل پر جنازہ گاہ پہنچے، تاہم واپسی پر انہیں پیدل آنا پڑا کیونکہ ان کی موٹر سائیکل چوری ہو چکی تھی۔ واقعہ تھانہ ڈھلیانہ کی حدود میں پیش آیا۔ ذرائع کے مطابق نماز جنازہ میں ہزاروں افراد نے شرکت کی، جن میں واپڈا کے اعلیٰ افسران اور دیگر محکموں کے اعلیٰ حکام شامل تھے۔ اس کے باوجود سکیورٹی کے مناسب انتظامات نہ ہونے کے باعث جیب تراشوں اور چوروں کو کھلی چھوٹ ملی۔ متعدد افراد جیب کی نقدی اور موبائل فونز سے محروم ہو گئے، جبکہ صحافی اپنی موٹر سائیکل سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ اتنے بڑے اجتماع اور اعلیٰ شخصیات کی موجودگی میں حفاظتی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

ایمان کی روح میں ہی دنیا و آخرت کی نجات ممکن توحید و رسالت کے بغیر کوئی نیکی قبول نہیں، مولانا محمد اکرم اوکاڑوی

دیپال پور (امام دین + نامہ نگار) خطیب جامع مسجد بلال مانچسٹر مولانا محمد اکرم اوکاڑوی، نوجوان مذہبی سکالر صاحبزادہ مولانا محمد حسان صدیقی نے جامعہ ریاض الجنہ میں اجتماع جمعہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حوثیوں کا مدینہ پر حملہ عالم اسلام کے دلوں پر حملہ ہے ایمان کی روح میں ہی دنیا و آخرت کی نجات ممکن توحید و رسالت کے بغیر کوئی نیکی قبول نہیں حرمین شریفین مکہ و مدینہ مسلمانوں کے ایمان اور عقیدت کے مراکز ہیں مکہ المکرّمہ کا ایمانی تحفہ توحید اور مدینہ کا تحفہ رسالت ہے عقیدہ توحید و رسالت کی درستگی ہی نیکیوں کی قبولیت اور ایمان کی پہچان ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکزی جامع مسجد ریاض الجنہ میں حرمین شریفین کے مبارک سفر سے واپسی پر خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر الحاج حافظ محمد شعبان صدیقی، قاری سلطان احمد ضیاء، میاں نعیم بھٹہ، صاحبزادہ حافظ سلمان صدیقی، میاں یونس بلوچ، محمد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

فوٹو گرافر ایسوسی بچیکی کا قیام، مدثر ناز صدر، محمد آفتاب قندھاری چیئرمین اور محمد شہباز چڈھر جنرل سیکرٹری نامزد

بزرگ شہریوں کو عمر کے اس حصے میں صحت، معاشی مشکلات، ادویات کی مہنگائی، پنشن اور دیگر بنیادی سہولیات کے حصول میں مختلف مسائل کا سامنا ہے، حکیم مقبول احمد

پاکپتن (نامہ نگار) میلورا فوڈز اور مطب المسعود بہرام پور پاکپتن کے چیف ایگزیکٹو معروف طبیب حکیم مقبول احمد چوہدری نے کہا ہے کہ بزرگ شہریوں کو عمر کے اس حصے میں صحت، معاشی مشکلات، ادویات کی مہنگائی، پنشن اور دیگر بنیادی سہولیات کے حصول میں مختلف مسائل کا سامنا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم معمر افراد کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ یکم اکتوبر دنیا بھر میں عالمی یوم معم

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

موسم تیزی سے تبدیل ہو رہا موسمی اثرات سے بچیں میڈم صدف اقبال

اکتوبر کا آغاز ہوتے ہی موسم تیزی سے تبدیل ہو رہا ہے، مرد حضرات اور خواتین کو موسمی اثرات سے خود بھی بچنا چاہیے اور اپنے چھوٹے بچوں کا بھی خیال رکھنا چاہیے، نائب صدر الحاوی کلچرل اینڈ آرٹ ویلفیئر آرگنائزیشن رجسٹرڈ

لاہور (سٹاف رپورٹر) موسم تیزی سے تبدیل ہو رہا، بدلتے موسمی اثرات سے بچیں ہے، اپنا اور اپنے بچوں کی صحت کا خیال رکھیں ان خیالات کا اظہار میڈم صدف اقبال نائب صدر الحاوی کلچرل اینڈ آرٹ ویلفیئر آرگنائزیشن رجسٹرڈ نے روزنامہ سحر سے خصوصی گفتگو کے دوران کیا انھوں نے کہا کہ اکتوبر کا آغاز ہوتے ہی موسم تیزی سے تبدیل ہو رہا ہے، مرد حضرات اور خواتین کو موسمی اثرات سے خود بھی بچنا چاہیے اور اپنے چھوٹے بچوں کا بھی خیال رکھنا چاہیے اس موسم میں اکثر بچوں کے گلے پیٹ اور نزلہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق، اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر اجلاس کی مشترکہ صدارت کرتے ہوئے

شہر ڈسکہ و گردونواح میں قائم سنوکر کلب، برائی کے اڈوں میں تبدیل، نوجوان نسل تیزی کے ساتھ گمراہی کی جانب گامزن

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) شہر ڈسکہ و گردو نواح میں قائم سنوکر کلب، برائی کے اڈوں میں تبدیل، نوجوان نسل تیزی کے ساتھ گمراہی کی جانب گامزن انتظامیہ خاموش تماشائی، والدین پریشان، اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ، تحصیل ڈسکہ میں بالخصوص ڈسکہ شہر کے مختلف گلی محلوں میں قائم سنوکر کلب جوا، نشہ اور برائی کے اڈوں میں تبدیل ہو گئے نوجوان نسل اور خاص طور سکولوں اور کالجوں کے طلبہ کلاسز (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک گجرات ڈاکٹر طاہر عزیز نے سی وی ڈی دتیوال کا اچانک معائنہ کیا

ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک گجرات ڈاکٹر طاہر عزیز نے سی وی ڈی دتیوال کا اچانک معائنہ کیا

لالہ موسیٰ (بیورو چیف) ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک گجرات ڈاکٹر طاہر عزیز نے سی وی ڈی دتیوال کا اچانک معائنہ کیا۔ اس موقع پر ویٹرنری اسسٹنٹ ڈیوٹی پر موجود تھا۔ معائنے کے دوران ویٹرنری سنٹر کی صفائی ستھرائی اور او پی ڈی وادویات کے ریکارڈ کی دیکھ بھال کا جائزہ لیا ویکسینیشن کی تصدیق چار کسانوں سے ٹیلی فون پر کی گئی جبکہ گاؤں میں موقع پر بھی ویکسینیشن کی فزیکل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

وکلاء برادری کی عزت، وقار، فلاح و بہبود اور حقوق کا تحفظ ان کی اولین ترجیح ہے، رانا محمد احسن خاں

کاموںکے (تحصیل رپورٹر) امیدوار برائے صدر تحصیل بار ایسوسی ایشن کاموںکے رانا محمد احسن خاں نے کہا ہے کہ وکلاء ؒ برادری کی عزت، وقار، فلاح و بہبود اور حقوق کا تحفظ ان کی اولین ترجیح ہے۔ اگر وکلاء برادری نے اعتماد کرتے ہوئے انہیں کامیاب کیا تو وہ بار کو مزید مضبوط، فعال اور مثالی ادارہ بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بار کے تمام معاملات میں شفافیت، باہمی مشاورت اور میرٹ کو ترجیح دی جائے گی جبکہ نوجوان وکلاء کو درپیش مسائل کے حل، سینئر وکلاء ؒ کے احترام اور تمام ممبران کے لیے یکساں سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ رانا محمد احسن خاں نے کہا کہ وہ وکلاء ؒ برادری کو درپیش مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور کامیابی کے بعد صرف دعوے نہیں بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے وکلاء کی خدمت کریں گے۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

شرپسند عناصر پاکستان کو بدامنی کا شکار کر کے اپنے مذموم عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں، صاحبزادہ عثمان علی جلالی

کاموںکے (تحصیل رپورٹر) جماعت اہلسنت کے مرکزی چیئرمین صاحبزادہ عثمان علی جلالی نے کہا ہے کہ شرپسند عناصر پاکستان کو بدامنی کا شکار کر کے اپنے مذموم عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں پاک فوج دہشت گردوں کیخلاف بھرپور کارروائیاں کر رہی ہے ہم نے اپنی فوج کی بدولت پہلے بھی دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا تھا اب بھی دہشت گردی کے عفریت کے مکمل خاتمے تک پاک فوج اور پوری قوم چین سے نہیں بیٹھے گی معصوم لوگوں کو قتل کرنیوالے دہشت گردوں کو پاک فوج جہنم واصل کر کے دم لے گی۔ پاکستان کے سیکیورٹی ادارے اور عوام دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خاتمے کیلئے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

اوکاڑہ اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اسامہ امانت کا گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول سکھ پور میں انتظامی امور اور تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اسامہ امانت کا گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول سکھ پور میں انتظامی امور اور تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ، انہوں نے سکول میں جاری تعلیمی سرگرمیوں، اساتذہ و عملے کی حاضری، درس و تدریس کے معیار اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔

اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت نے کلاس رومز میں جا کر طالبات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

گجرات تھانہ بی ڈویژن پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن جاری 2 ملزم گرفتار، 20 لیٹر شراب برآمد

گجرات (سید طارق حسین شاہ + زیڈ اے بھٹی) گجرات تھانہ بی ڈویژن پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن جاری 2 ملزم گرفتار، 20 لیٹر شراب برآمد تفصیلات کے مطابق ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی زیر قیادت گجرات پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن جاری ہے۔ اس سلسلہ میں ایس ایچ او تھانہ بی ڈویژن انسپکٹر محمد ندیم نیاز پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں 1۔ محمد نثار 2۔ امیر حمزہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

ڈسکہ میں شہریوں کو بہتر تفریحی و کاروباری سہولیات کی فراہمی کے لیے فوڈ اسٹریٹ قائم کی جائے گی، صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ ڈسکہ میں شہریوں کو بہتر تفریحی و کاروباری سہولیات کی فراہمی کے لیے فوڈ اسٹریٹ قائم کی جائے گی جبکہ خواتین کے لیے الگ فوڈ اسٹریٹ بھی بنائی جائے گی۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار میونسپل کمیٹی ڈسکہ میں ڈسکہ ڈویلپمنٹ ریویو اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈسکہ یاسر گیلانی بھی اجلاس میں موجود تھے۔ صوبائی وزیر نے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری سیوریج منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے سڑکوں اور گلیوں کی تعمیر میں معیار کو ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ ناقص کام پر ذمہ داروں کا محاسبہ کیا جائے گا۔ میاں ذیشان رفیق نے ڈسکہ کے مین روڈ سمیت اہم شاہراہوں پر بھرپور شجرکاری کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہر کی خوبصورتی کے ساتھ ماحول کو بہتر بنانے کے لیے زیادہ سے زیادہ درخت لگائے جائیں۔ انہوں نے ستھرا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

ڈسکہ شہر کے اہم تجارتی مراکز کے باہر رکشوں کے غیر قانونی اڈے قائم

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ شہر کے اہم تجارتی مراکز کے باہر رکشوں کے غیر قانونی اڈے قائم مین بازار، توصیف مارکیٹ، صوبیدار بازار، کچہری چوک، سول چوک، لاری اڈا میں ٹریفک درہم برہم، ڈسکہ شہر کے اہم تجارتی مراکز میں چنگ چی رکشوں کے غیر قانونی اڈے شہریوں کیلئے شدید مشکلات کا باعث بن گئے۔ مین بازار، توصیف مارکیٹ، صوبیدار بازار، کچہری چوک، سول چوک، لاری اڈا سمیت دیگر اہم مقامات پر چنگ چی رکشوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

چشتیاں مشہور مقدمہ 67/2020 میں اہم پیش رفت نوجوان ماہر قانون رانا محمد احمد افضل ایڈووکیٹ نے عدالت میں پیروی کی تین ملزمان بری ہو گئے

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) چشتیاں مشہور مقدمہ 67/2020 میں اہم پیش رفت نوجوان ماہر قانون رانا محمد احمد افضل ایڈووکیٹ نے عدالت میں پیروی کی تین ملزمان بری ہو گئے چشتیاں علاقہ مجسٹریٹ محمد انور کی عدالت میں زیر سماعت سرکار بنام محمد عمر فاروق وغیرہ کے مشہور مقدمہ نمبر 67/2020، بجرم دفعہ 365، چشتیاں سرکل کے تھانہ بخشن خان میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ جس میں مقدمہ کی سماعت کے دوران ملزمان کی جانب سے چشتیاں کے ممتاز ماہر قانون رانا محمد احمد افضل ایڈووکیٹ نے مقدمہ کیس کی پیروی کرتے ہوئے عدالت کے روبرو مؤثر قانونی دلائل پیش کیے چنانچہ معزز عدالت نے فریقین کے دلائل اور مقدمہ کے ریکارڈ کا جائزہ لینے کے بعد تین ملزمان کو مقدمہ میں بری کر دیا۔ ذرائع کے مطابق وکیل دفاع/صفائی کی جانب سے پیش کیے گئے ٹھوس قانونی نکات اور حقائق پر مبنی دلائل کے بعد عدالت کی جانب سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

چشتیاں مشہور مقدمہ 67/2020 میں اہم پیش رفت نوجوان ماہر قانون رانا محمد احمد افضل ایڈووکیٹ نے عدالت میں پیروی کی تین ملزمان بری ہو گئے

ایف آئی اے گوجرانوالہ زون میں محکمانہ احتساب کا عمل جاری، 81 افسران اور اہلکاروں کو سزائیں دی گئیں

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) ایف آئی اے گوجرانوالہ زون میں محکمانہ احتساب کا عمل جاری، 81 افسران اور اہلکاروں کو سزائیں دی گئیں۔ بدعنوانی اور غفلت پر 16 افسران کو میجر پینلٹیز دی گئی، جن میں 15 افسران کو محکمہ سے برطرف جبکہ 01 افسر کے عہدے میں تنزلی کی گئی۔ 48 افسران کو مائنر پینلٹیز دی گئیں، جن میں 32 افسران کی ترقیاں اور 16 افسران کے سالانہ انکریمنٹس روکے گئے۔ جبکہ 17 افسران کو سرزنش (Censure) کی گئی۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے گجراں والا زون محمد بن اشرف کا کہنا ہے کہ کسی بھی قسم کی غفلت، بدعنوانی یا غیر قانونی اقدام کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اور احتساب کا بلا امتیاز عمل جاری رہے گا۔

رانا عابد اقبال ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری بار ایسوسی ایشن پتوکی کے امیدوار نامزد

حبیب آباد (نامہ نگار) بار ایسوسی ایشن پتوکی کے سال 27-2026 کے انتخابات کے سلسلہ میں رانا عابد اقبال ایڈووکیٹ نے جنرل سیکرٹری کے عہدہ کے لیے بطور امیدوار سامنے آنے کا اعلان کر دیا رانا عابد اقبال ایڈووکیٹ کا کہنا ہے کہ وکلاء برادری کے مسائل کے حل، بار کے وقار میں اضافے، ممبران کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور وکلاء کے حقوق (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر سموگ سے بچاؤ کے لیے محکمہ زراعت متحرک، ضلع بھر میں آگاہی مہم

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر سموگ سے بچاؤ کے لیے محکمہ زراعت متحرک، ضلع بھر میں آگاہی مہم، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع کی زیر نگرانی سموگ سے بچاؤ اور فضائی آلودگی کے خاتمے کے لیے ضلع بھر میں زہریلی دھند سے بچاؤ کے لیے کسانوں میں متحرک انداز میں دیگر اقدامات کے علاوہ کسانوں کی آگاہی کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ اس سلسلہ میں ضلع کی تینوں تحصیلوں اور دیہی علاقوں میں کاشتکاروں و کسانوں کو دھان کی باقیات کی تلفی اور سموگ کے تدارک کے حوالے سے آگاہی فراہم کی جا رہی ہے، جبکہ اس سلسلے میں معلوماتی لٹریچر اور پمفلٹس بھی بڑے پیمانے پر تقسیم کیے جا رہے ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع محمد اعجاز نے کہا ہے کہ سموگ ایک شدید ماحولیاتی اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

اوکاڑہ: تھانہ کینٹ کی حدود 10 فور ایل گھریلو ناچاقی پر بیٹے نے فائرنگ کر کے اپنی ماں کو قتل کر دیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ: تھانہ کینٹ کی حدود 10 فور ایل گھریلو ناچاقی پر بیٹے نے فائرنگ کر کے اپنی ماں کو قتل کر دیا ماں بیٹے کے درمیان گھریلو تنازعے پر تلخ کلامی ہوئی، جس کے بعد بیٹے نے فائرنگ کر کے ماں کو ہی مار ڈالا۔ اوکاڑہ میں گھریلو ناچاقی کے باعث ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے، جہاں مبینہ طور پر بیٹے نے فائرنگ کر کے اپنی ہی ماں کو قتل کر دیا۔ واقعہ تھانہ کینٹ کی حدود میں 10 فور ایل روڈ پر پیش آیا، جہاں ماں بیٹے کے درمیان تلخ کلامی ہوئی، جو دیکھتے ہی دیکھتے فائرنگ کے واقعے میں تبدیل ہو گئی۔ مبینہ طور پر بیٹے علی رضوان نے اپنی والدہ پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں وہ جاں بحق ہو گئیں۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور ضروری کارروائی شروع کر دی۔ گھریلو ناچاقی کے باعث ماں کا اپنے ہی بیٹے کے ہاتھوں جان سے چلے جانا ایک افسوسناک سانحہ ہے۔ پولیس واقعے کی تحقیقات کر رہی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

سول ڈیفنس افسران کا آرٹس کونسل ساہیوال کا مطالعاتی دورہ ہڑپہ کی قدیم تہذیب، ساہیوال کی ثقافت اور تاریخی ورثے سے آگاہی حاصل کی

سول ڈیفنس افسران کا آرٹس کونسل ساہیوال کا مطالعاتی دورہ ہڑپہ کی قدیم تہذیب، ساہیوال کی ثقافت اور تاریخی ورثے سے آگاہی حاصل کی

ساہیوال (بیورو رپورٹ + منیر ساجد ارائیں سے) پنجاب ریجن سٹاف ٹریننگ کالج ساہیوال میں پروموشن کورس کے سلسلے میں زیر تربیت سول ڈیفنس افسران نے پنجاب کونسل آف دی آرٹس ساہیوال ڈویژن کا مطالعاتی دورہ کیا دورے کا مقصد افسران کو ساہیوال اور اس کے گردونواح کے تاریخی، تہذیبی اور ثقافتی ورثے سے روشناس کرانا تھا ڈائریکٹر آرٹس کونسل ساہیوال محمد طارق اسماعیل نے تربیتی افسران کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں آرٹس کونسل کی تاریخ، اس کے ثقافتی کردار اور ساہیوال کے تاریخی و تہذیبی ورثے کی اہمیت کے بارے میں تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ انہوں نے ہڑپہ کی قدیم تہذیب کو خطے کی تاریخی شناخت کا اہم حوالہ قرار دیتے ہوئے بتایا کہ ساہیوال کی سرزمین صدیوں پر محیط تہذیبی روایات، مقامی فنون اور ثقافتی رنگا رنگی کی امین ہے اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر آرٹس کونسل الیاس اکبر سگلہ نے بھی تربیتی افسران کو آرٹس کونسل میں جاری ثقافتی سرگرمیوں، نمائشوں اور مختلف پروگراموں کے بارے میں بریفنگ دی۔ انہوں نے وفد کو ثقافتی گوشے میں موجود ہڑپہ کی قدیم تہذیب اور مقامی ثقافت کی عکاسی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

چشتیاں میں ایک معذور طالب علم کا مستقبل داؤ پر کالج کلرک کے مبینہ ناروا سلوک کی شکایت سامنے آ گئی

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) چشتیاں میں ایک معذور طالب علم کا مستقبل داؤ پر کالج کلرک کے مبینہ ناروا سلوک کی شکایت سامنے آ گئی گورنمنٹ گریجویٹ کالج چشتیاں کے ایک معذور بی اے کے طالب علم ارشد سلطان نے کالج کے کلرک پر مبینہ طور پر ذاتی رنجش کی بنیاد پر داخلہ فیس جمع نہ کروانے اور رول نمبر سلپ جاری نہ کرنے کا الزام عائد کیا ہے مذکورہ طالب علم کے مطابق اس کا تعلیمی مستقبل شدید متاثر ہوا ہے۔ متاثرہ طالب علم ارشد سلطان کا کہنا ہے کہ وہ جسمانی معذوری کے باعث پہلے ہی تعلیم کے حصول میں مشکلات کا سامنا کر رہا ہے، مزید یہ کہ مبینہ طور پر داخلہ فیس بروقت جمع نہ ہونے کے باعث

ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور کے وفد کی سٹی پریس کلب مصطفیٰ آباد آمد، صحافتی امور پر اہم مشاورت

مصطفیٰ آباد (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور کے صدر سید عرفان احمد شاہ عراقی کی قیادت میں وفد نے جنرل سیکرٹری رانا محمد رفیق، نائب صدر رضوان احمد اور دیگر صحافیوں نے وفد کا استقبال کیا۔ ملاقات کے دوران

سٹی پریس کلب مصطفیٰ آباد کا دورہ کیا، جہاں صدر سٹی پریس کلب واحد ملک، گروپ لیڈر سردار عمر حیات ڈوگر، صحافتی امور، صحافیوں کو درپیش مسائل، عوامی مسائل کی نشاندہی، پیشہ ورانہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم صاحبہ کا ڈسٹرکٹ کورٹس اوکاڑہ کا دورہ

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم صاحبہ کا ڈسٹرکٹ کورٹس اوکاڑہ کا دورہ چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس مس عالیہ

چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم صاحبہ کا ڈسٹرکٹ کورٹس اوکاڑہ کا دورہ

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت ضلع اوکاڑہ بھر میں صفائی ستھرائی کا گرینڈ آپریشن جاری ہے، ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک

رینالہ خورد (سرفراز انجم سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت ضلع اوکاڑہ بھر میں صفائی ستھرائی کا گرینڈ آپریشن جاری ہے وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق اور ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب اتھارٹی عمر جاوید کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایات پر شہر و دیہات میں صفائی کے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں جبکہ مختلف علاقوں میں صفائی عملہ متحرک ہے صفائی آپریشن ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا کی زیر قیادت جبکہ سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر کی زیر نگرانی جاری ہے صفائی عملہ مختلف شفٹوں میں شہر و دیہات کے تمام علاقوں، مرکزی شاہراہوں، بازاروں، گلیوں، محلوں اور تجارتی مراکز میں صفائی کے فرائض انجام دے رہا ہے صفائی آپریشن کے دوران دستی و مکینیکل صفائی، نالیوں کی صفائی اور گھر گھر سے کوڑا کرکٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت تحصیل اوکاڑہ بھر میں صفائی ستھرائی کا گرینڈ آپریشن جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت تحصیل اوکاڑہ بھر میں صفائی ستھرائی کا گرینڈ آپریشن جاری ہے وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق اور ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب اتھارٹی عمر جاوید کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایات پر شہر و دیہات میں صفائی کے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں جبکہ مختلف علاقوں میں صفائی عملہ متحرک ہے صفائی آپریشن ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا کی زیر قیادت جبکہ سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر کی زیر نگرانی جاری ہے صفائی عملہ مختلف شفٹوں میں شہر و دیہات کے تمام علاقوں، مرکزی شاہراہوں، بازاروں، گلیوں، محلوں اور تجارتی مراکز میں صفائی کے فرائض انجام دے رہا ہے صفائی آپریشن کے دوران دستی و مکینیکل صفائی، نالیوں کی صفائی اور گھر گھر سے کوڑا کرکٹ اٹھانے کا عمل جاری ہے مختلف مقامات پر صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے صفائی ورکرز کو مقررہ بیٹ پلان کے مطابق ذمہ داریاں انجام دینے کی ہدایات بھی جاری کی جا رہی ہیں سارکو انتظامیہ کے مطابق تحصیل بھر میں صفائی کے معیار کو بہتر بنانے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں ضلعی انتظامیہ نے شہریوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل کا خصوصی پاکپتن شریف کا دورہ

پاکپتن (نامہ نگار) کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل کا خصوصی پاکپتن شریف کا دورہ۔ انہوں نے اس دوران دیگر سرکاری امور کے علاوہ بابا فرید مین گیٹ کے قریب ٹف ٹائل تنصیب اور گزشتہ دو ماہ سے شہر بھر کے چوکوں چوراہوں پر خوبصورتی و دلکش برقی قمقموں کی تعریف کی۔ ڈپٹی کمشنر پاکپتن آصف رضا نے کمشنر ساہیوال کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ٹی ایم پاکپتن انجینئرنگ شعبہ اور ضلع کونسل کی انجینئرنگ ورک ٹیم نے بیوٹیفکیشن کمال مہارت سے شہر کے داخلی و خارجی مقامات پر کارگردگی سے عام شہری کو متاثر کیا ہے۔ وہ بیمثال اور تجرباتی ٹیم کا حصہ ہے۔ کمشنر ساہیوال نے مجموعی طور پر صفائی ستھرائی اور پارکوں تفریح (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

مرکزی بین المذاہب امن کمیٹی ضلع ننکانہ کے انفارمیشن سیکرٹری سجاد جٹ کے تایا جان کی وفات پر تعزیتی اجلاس

ننکانہ صاحب (محمد عرفان رفیع تحصیل بیورو چیف) تفصیلات کے مطابق مرکزی بین المذاہب امن کمیٹی ضلع ننکانہ کے انفارمیشن سیکرٹری سجاد جٹ کے تایا جان کی وفات پر ڈیرہ چوہدری محمد اسلم گجر سرپرست پر تعزیتی اجلاس کا اہتمام کیا گیا جس میں صوبائی چیرمین سردار ہیرا سنگھ پنجابی، ملک محمد جعفر، حاجی اعجاز مسعود ایڈووکیٹ، ڈاکٹر عابد علی عابد، رانا رفاقت علی انجم، عبدالرحمن شہباز، طیب چوہدری ایڈووکیٹ، مومن شہباز بھٹی نے شرکت کی اجلاس میں مرحوم کی مغفرت اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

ہیوی ٹریفک کی روک تھام، بائی پاس کے استعمال اور محکمانہ پالیسیوں پر عملدرآمد کا مطالبہ

علی پور چٹھہ (تحصیل رپورٹر) علی پور چٹھہ میں ڈمپر اور ٹویوٹا ہائی ایس میں خوفناک تصادم، مسافر شدید زخمی؛ ہیوی ٹریفک کی روک تھام اور بائی پاس کے استعمال کا مطالبہ علی پور چٹھہ میں عجوہ میرج ہال کے سامنے ڈمپر اور ٹویوٹا ہائی ایس کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں وین میں سوار مسافر شدید زخمی ہو گئے۔ حادثے کے بعد شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی، جبکہ شہر کی آبادی اور مصروف شاہراہوں سے گزرنے والی ہیوی ٹریفک کی روک تھام کے لیے محکمانہ پالیسیوں پر مؤثر عملدرآمد کا مطالبہ زور پکڑ گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر کے اندر بھاری گاڑیوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

چوہدری اشرف نے چیئرمین پریس کلب کا حلف اٹھا لیا۔ بانی صدر پیر سید طمطراق محاسن شاہی، ملک دلاور سلطان ڈھکو و دیگر کی مبارک باد

ساہیوال (بیورو رپورٹ) چوہدری اشرف نے چیئرمین پریس کلب کا حلف اٹھا لیا۔ بانی صدر پیر سید طمطراق محاسن شاہی، ملک دلاور سلطان ڈھکو و دیگر کی مبارک باد۔ سینئر صحافی چوہدری محمد اشرف نے چیئرمین ساہیوال پریس کلب رجسٹرڈ کے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ حلف برداری کی تقریب محسن نقوی ہال میں منعقد ہوئی جس میں پریس کلب کے ممبران، سول سوسائٹی، وکلاء اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ سابق چیئرمین پریس کلب عزیز الحق گورائیہ نے چوہدری محمد اشرف سے حلف لیا۔ اس موقع پر ڈویژنل پریس کلب کے بانی صدر پیر سید طمطراق محاسن شاہی نے نومقرر چیئرمین کو نوٹوں کے ہار پہنا کر اور ممبر جرنلسٹس ٹریننگ کمیٹی حکومت پنجاب ملک دلاور سلطان ڈھکو نے پھولوں کے گلدستے پیش کر کے مبارکباد دی۔ پیر سید طمطراق محاسن شاہی نے کہا کہ چوہدری محمد اشرف ایک سینئر اور تجربہ کار صحافی ہیں، ان کی سربراہی میں پریس کلب مزید فعال ہوگا اور صحافیوں کے مسائل کے حل، حقوق کے تحفظ اور صحافتی اقدار کے فروغ کیلئے مؤثر کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ صحافی برادری کے اتحاد اور پریس کلب کی مضبوطی کیلئے تمام ممبران کو باہمی اختلافات سے بالاتر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

شہر بھر میں گرلز سکولز کے آس پاس آوارہ اور اوباش لڑکوں کا گشت، طالبات اور والدین شدید ذہنی اذیت کا شکار

پتوکی (نامہ نگار) شہر بھر میں گرلز سکولز کے آس پاس آوارہ اور اوباش لڑکوں کا گشت، طالبات اور والدین شدید ذہنی اذیت کا شکار سینکڑوں طلبہ و طالبات کا مستقبل داؤ پر؛ اہل علاقہ کا سخت قانونی کارروائی کا مطالبہ پتوکی شہر بھر میں تعلیمی اداروں کے گرد میں سکول کھلنے اور بند ہونے کے اوقات میں آوارہ اور اوباش لڑکوں کی ٹولیوں کی موجودگی نے طلبہ، طالبات اور ان کے والدین کا جینا محال کر دیا۔ شہر بھر کے سکولز ایک عرصہ سے علاقے میں تعلیمی خدمات سرانجام دے رہے ہیں جہاں سینکڑوں طلبہ اور طالبات زیر تعلیم ہیں۔ تاہم گزشتہ کچھ عرصے سے یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ سکول کی چھٹی اور آغاز کے اوقات میں چند آوارہ اور اوباش قسم کے لڑکے سکولز کے راستے، گلی محلوں، کونوں اور دکانوں کے پاس آ کر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ یہ لڑکے سکول آنے اور جانے والے بچوں، بالخصوص طالبات کو ہراساں کرتے ہیں اور ان پر آوازے کستے ہیں۔ اس سنگین صورتحال کی وجہ سے سکولوں کے طلبہ، طالبات اور ان کے والدین شدید ذہنی اذیت اور عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ ہر وقت کسی بھی ناخوشگوار واقعے کا خدشہ رہتا ہے۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ سکول کے اوقاتِ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ گوجرانوالہ ریجن سیالکوٹ کی کارروائی کے دوران محمد شہباز، رجسٹریشن کلرک ڈسکہ کو گرفتار کر لیا گیا

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔ ..... (جامع ترمذی)

کور کمانڈر کانفرنس، 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے پر بلا جھجک طاقت کے ساتھ نمٹنے کا فیصلہ

کور کمانڈر کانفرنس میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے لیے داخلی استحکام انتہائی اہم ہے، کسی بھی جواز پر، پُرتشدد انتشار یا 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے کی کوشش کو فیصلہ کُن طاقت اور قانون کے ساتھ بلا امتیاز اور بلا جھجک نمٹا جائے گا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی زیرِ صدارت 277 ویں کور کمانڈرز کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں فورم کی مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مادرِ وطن کے دفاع میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے معصوم شہریوں کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی، کانفرنس کے شرکا نے شہدا کی بے مثال قربانیوں کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا۔ شرکاء کور کمانڈرز کانفرنس نے کہا کہ افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی کے خلاف ٹارگٹڈ کارروائیاں پاکستان کا دفاعی حق ہیں، ہندوستان کے آلہ کار کے طور پر دہشت گردی کے سنگین نتائج کی ذمہ دار صرف اور صرف طالبان کی مخبوط الحواس قیادت ہے۔ فورم نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے تسلسل کے ساتھ کامیاب انٹیلی جنس کی بنیاد پر جاری انسدادِ دہشت گردی کی کارروائیوں کو سراہا اور کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے زمینی کارروائیوں کے ساتھ بہترین انتظامی اور گورننس کے اقدامات ناگزیر ہیں، دہشت گردی کے خاتمے کے لیے لازم ہے کہ گورننس کو بنیادی سطح پر عوام کے قریب ترین لایا جائے۔ فورم نے کہا کہ یہ بھی ضروری ہے کہ عوام کے ساتھ دہشت گردی کی وجوہات اور معاملات پر موثر رابطہ کاری اور بیانیے پر کام کیا جائے، دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مخصوص عناصر کے زیرِ سایہ چلنے والے کرائم ٹیررگڈ جوڑ کو توڑنا ضروری ہے جس کے لیے پولیس کی استعدادِ کار کو بھی بڑھانا ہوگا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کے پی حکومت کو واضح پیغام دیا کہ اب ایسا نہیں چلیگا، فورم نے اتفاق کیا کہ پاکستان کے لیے داخلی استحکام انتہائی اہم ہے، کسی بھی جواز پر، پُرتشدد انتشار یا 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے کی کسی بھی کوشش کو فیصلہ کُن طاقت اور قانون کے ساتھ بلا امتیاز اور بلا جھجک نمٹا جائے گا۔ فورم نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین طے پانے والے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا بھرپور خیر مقدم کیا اور اس کو دیرینہ اسٹریٹجک تعلقات اور مشترکہ دفاعی تعاون کے فروغ میں اہم قرار دیا۔ کور کمانڈرز کانفرنس کے شرکاء کی سعودی عرب کے خلاف حوثی حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور اظہار برہمی کیا۔ شرکاء کانفرنس نے سعودی عرب کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا، یکجہتی اور حرمین شریفین کے تحفظ اور تقدس کے لیے پاکستان کے عزم کا بھرپور اعادہ کیا۔ شرکائے کانفرنس نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کو اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کیا جائے۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کو مزید مضبوط کرنے کے عمل کو جاری رکھا جائے، فارمیشنز جدید ٹیکنالوجی کے حصول، ٹریننگ اور تمام جنگی جہتوں کے انضمام کے ذریعے اپنی دفاعی صلاحیتوں میں اضافہ جاری رکھیں، قوم کی غیر متزلزل حمایت کے ساتھ مسلح افواج پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔

ایس پی عائشہ بٹ، جرأت، دیانت اور محبت کا حسین امتزاج

رات کی تاریکی جب ظلم کے سایوں کو اپنے دامن میں چھپا لیتی ہے،
جب قانون شکن عناصر اپنی مذموم چالوں میں کامیابی کے خواب دیکھنے لگتے ہیں،
اور جب کمزور دلوں پر خوف کی دبیز چادر تن جاتی ہے،
تب کہیں کوئی ایسا چراغ جلتا ہے
جو اندھیروں کو گنگ جاتا ہے،
جو جرم کی زنجیروں کو توڑ دیتا ہے،
جو ظلم کی چٹانوں پر صداقت کی بجلی بن کر گرتا ہے۔
وہ چراغ،
وہ روشنی
،وہ امید،
یہ سب ایک نام میں سمٹ جاتے ہیں،
اور وہ نام ہے
ایس پی عائشہ بٹ
۔یہ محض ایک نام نہیں،
بلکہ دیانت، جرات
،اور خلوص کی چلتی پھرتی تصویر ہے
۔ایک ایسی شخصیت، جس نے دنیا بھر میں پاکستان اور پنجاب پولیس کا نام روشن کیا وہ عائشہ بٹ جو تختی میں پتھر کی مانند
اور محبت میں گلاب کی طرح ہے۔
ایک ایسی خاتون افسر
جس کے قدموں کی چاپ سے قانون شکن کانپتے ہیں،
اور جس کی مسکراہٹ مظلوموں کے دلوں میں امید کے چراغ جلا دیتی ہے۔
پولیس فورس میں کئی نام آتے ہیں،
کئی چہرے روشنی کی کرن بن کر ابھرتے ہیں،
مگر بہت کم ایسے ہوتے ہیں جو تاریخ کے ماتھے کا جھومر بن جاتے ہیں۔
ایس پی عائشہ بٹ انہی چند ہستیوں میں شامل ہیں۔
جنہوں نے اپنی قابلیت اور محنت کی بدولت پوری دنیا میں اپنے ملک کا نام فخر سے۔ بلند کیا ہے
ان کی شخصیت میں وہ رعب اور دبدبہ ہے جو جرم کے ایوانوں میں لرزہ طاری کر دیتا ہے،
اور ساتھ ہی وہ شفقت اور ہمدردی بھی ہے جو انہیں عوام کے دلوں میں ہمیشہ کے لیے بسا دیتی ہے۔
ان کا منصب صرف ایک عہدہ نہیں،
بلکہ ایک ذمہ داری ہے، ایک مشن ہے،
ایک قسم ہے جو انہوں نے خود سے کھائی ہے کہ
جہاں ناانصافی کا سایہ بھی پڑے گا،
وہاں وہ خود ایک آہنی دیوار بن کر کھڑی ہوں گی۔
وہ پولیس کے ان افسران میں شامل ہیں جو صرف وردی کا رعب نہیں رکھتے،
بلکہ کردار کا بھی ایسا وقار رکھتے ہیں جو ہر دیکھنے والے پر اثر چھوڑتا ہے
ایس پی عائشہ بٹ نے جہاں بھی قدم رکھا،
وہاں قانون کی حکمرانی کو ثابت کر دیا۔
جرائم پیشہ افراد کے لیے وہ بجلی کی مانند ہیں،
جو پلک جھپکتے میں انہیں ان کے انجام تک پہنچا دیتی ہیں۔
ان کے دروازے ہر
اس شخص کے لیے کھلے ہیں
جو انصاف کے لیے ترس رہا ہو۔
وہ جہاں بھی رہیں
ان کے دفاتر صرف فائلوں کے ڈھیر نہیں رہے،
بلکہ عوام کی امیدوں کے مراکز بن گئے۔۔۔۔
ایس پی عائشہ بٹ کی شخصیت میں ایک حیرت انگیز امتزاج ہے۔
جہاں وہ ایک آہنی ہاتھ رکھتی ہیں،
وہیں ان کے دل میں ایک سمندر جیسی گہرائی ہے،
جس میں
محبت،
احساس،
اور ہمدردی کی لہریں موجزن رہتی ہیں۔
وہ صرف ایک سخت گیر پولیس افسر نہیں،
بلکہ ایک مہربان بہن، ایک شفیق بیٹی،
اور ایک ذمہ دار شہری بھی ہیں۔
ان کا رویہ ان کے ماتحتوں کے ساتھ بھی مثالی ہے۔
وہ انہیں صرف ایک ماتحت نہیں سمجھتیں،
بلکہ ان کی رہنمائی کرتی ہیں،
ان کی بھلائی کا سوچتی ہیں،
انہیں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں
۔یہی وجہ ہے کہ ان کے ساتھ کام کرنے والے افسران
اور جوان انہیں صرف ایک افسر نہیں،
بلکہ ایک راہبر مانتے ہیں
۔ان کے ساتھ ملنے والا ہر شخص یہی کہتا ہے کہ وہ محبت اور خلوص کی ایک ایسی مثال ہیں
جو کم ہی دیکھنے کو ملتی ہے۔
ان کا انداز گفتگو،
ان کی شائستگی،
اور ان کی مسکراہٹ ایسا اثر رکھتی ہے کہ ہر ملنے والا ان کا گرویدہ ہو جاتا ہے۔
وہ جہاں سختی سے قانون نافذ کرتی ہیں، وہیں اپنے آس پاس محبتوں کے پھول بھی بکھیرتی ہیں۔
وہ ان پولیس افسروں میں شمار ہیں جو مظلوموں کے دلوں کو جیتنا بھی جانتی ہیں،
وہ رشتوں کی قدر کرنا بھی جانتی ہیں،
وہ عزت دینے کا فن بھی جانتی ہیں،
اور شاید یہی ان کی سب سے بڑی خوبی ہے۔
جب میں نے ایس پی عائشہ بٹ پر قلم اٹھانے کا ارادہ کیا تو سوچا تھا کہ ان کی خدمات،۔
جرات اور کردار کو الفاظ میں سمیٹنا آسان ہوگا۔
لیکن جب ان کی شخصیت کی گہرائی میں جھانکنے کی کوشش کی
،تو محسوس ہوا کہ ان کے بارے میں جتنا بھی لکھوں،
کم ہے۔
پولیس فورس میں ایسے افسران کم ہی دیکھنے کو ملتے ہیں جو قانون کی عملداری کے ساتھ ساتھ عوام کے دلوں پر بھی حکمرانی کریں۔
عائشہ بٹ انہی چند گنے چنے افسروں میں سے ہیں۔
ان کی گفتگو میں جو وقار ہے،
ان کی آنکھوں میں جو روشنی ہے
،اور ان کی قیادت میں جو بے خوفی ہے،
وہ انہیں دوسروں سے منفرد بناتی ہے
یوں لگتا ہے جیسے قانون کا مجسمہ خود ظالموں کے سامنے آ کھڑا ہوا ہو۔
مگر جب وہ مظلوموں کے آنسو پونچھتی ہیں،
تو ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے ایک مہربان بہن
،ایک شفیق ماں
یا ایک دردمند بیٹی اپنی پوری محبت اور خلوص کے ساتھ سامنے ہو
۔یہ کہنا کہ وہ ایک بہترین پولیس آفیسر ہیں،
ان کے کردار کی مکمل تصویر کشی نہیں کرتا۔
وہ ایک مثالی رہنما، ایک ہمدرد شخصیت، اور ایک سچی محبِ وطن ہیں۔
ان کی کہانی پولیس کی دنیا میں روشنی کی ایک کرن ہے،
عائشہ بٹ نے پنجاب پولیس میں مختلف ذمہ داریاں سر انجام دیتے ہوئے
بطور چیف ٹریفک آفیسر گوجرانوالہ کی حیثیت سے بہت بہترین خدمات سر انجام دیں ہیں
جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائیگا
جہاں ٹریفک سیفٹی، عوامی آگاہی اور ٹریفک نظم وضبط کے حوالے سے ان کے اقدامات نمایاں رہے
۔ان کی پیشہ ورانہ کارکردگی کا اعتراف صرف ملکی سطح تک محدود نہیں رہا
بلکہ عالمی سطح پر بھی ہوا۔
ستمبر 2025 میں انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف ویمن پولیس (IAWP) نے انہیں in Excellence Performance 2025Award سے نوازا۔
یہ اعزاز سکاٹ لینڈ کے شہر گلاسگو میں منعقد ہونے والی IAWP کی 62 ویں سالانہ کانفرنس میں تنظیم کی صدر جولیا جیگر نے پیش کیا۔

پنجاب پولیس کے مطابق یہ اعزاز ٹریفک سیفٹی پولیسنگ اور عوام و پولیس کے درمیان تعلقات مضبوط بنانے میں ان کی نمایاں کارکردگی کے اعتراف میں دیا گیا
یہ اعزاز کسی ایک افسر کی ذاتی کامیابی سے بڑھ کر اس بات کی علامت بھی ہے
کہ جب فرض شناسی، محنت اور خدمت کا جذبہ اپنی اصل روح کے ساتھ زندہ ہو

تو ایک خاتون پولیس افسر بھی عالمی سطح پر پاکستان اور پنجاب پولیس کا نام روشن کر سکتی ہے۔
عائشہ بٹ کے کردار کا ایک خوبصورت پہلو یہ بھی ہے کہ

پولیسنگ کے سخت اور مشکل تقاضوں کے ساتھ انسانی احساس کو بھی اہمیت دیتی دکھائی دیتی ہیں۔ وردی کے پیچھے ایک انسان کا دل بھی دھڑکتا ہے
اور شاید یہی احساس ایک افسر کو محض عہدے دار سے ایک مؤثر عوامی خدمت گار بناتا ہے۔
حال ہی میں عائشہ بٹ صاحبہ کو گوجرانوالہ سے تبدیل کر کے بطور ایس پی ہیڈ کوارٹر ایلیٹ فورس پنجاب لاہور کی زمہ داری دی گی
یہ نئی ذمہ داری بھی ان کے پیشہ ورانہ سفر کا ایک اہم مرحلہ ہے۔
ایلیٹ پولیس فورس ایک ایسی فورس ہے جہاں
نظم وضبط،
تربیت، پیشہ ورانہ مہارت
اور حساس ذمہ داریوں کی اپنی اہمیت ہے،
اور یہاں ایک خاتون پولیس افسر کی ذمہ داری بھی اسی عزم اور احساسِ فرض کا تقاضا کرتی ہے۔
عائشہ بٹ کے سفر کو دیکھیں
تو محسوس ہوتا ہے کہ کامیابی صرف عہدے کا نام نہیں۔
اصل کامیابی وہ ہے جو انسان اپنے کردار،
اپنے فرض اور اپنے رویے سے حاصل کرتا ہے۔
ایس پی عائشہ بٹ!
آپ کے لیے یہ چند الفاظ محض تعریف نہیں،۔
بلکہ اس احساس کا اظہار ہیں
کہ ہماری پولیس فورس میں ایسے کردار بھی موجود ہیں
جو اپنی محنت،
جر?ت
اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں سے ادارے کا وقار بلند کرتے ہیں۔
آپ کا عالمی اعزاز اس سفر کی ایک روشن منزل ہے،
مگر اصل اعزاز وہ اعتماد ہے
جو ایک افسر اپنے کردار سے لوگوں کے دلوں میں پیدا کرتا ہے۔
میرا قلم
جب ایسے کرداروں کا ذکر کرتا ہے
تو مقصد صرف کسی شخصیت کو خراجِ تحسین پیش کرنا نہیں ہوتا،
بلکہ ان لوگوں کو سلام کہنا بھی ہوتا ہے
جو اپنی ذمہ داری کو محض ملازمت نہیں بلکہ قومی خدمت سمجھ کر نبھاتے ہیں۔
عائشہ بٹ
آپ کو سلام—
آپ کی جر?ت کو سلام،
آپ کی دیانت کو سلام،
آپ کے احساسِ ذمہ داری کو سلام،
اور اس وردی کو سلام جسے اپ نے اپنے کردار سے وقار بخشا
یہاں ایک بات میں عرض کرتا چلوں کہ میں عرصہ دراز سے قومی ادارہ جاتی خدمات اور ان سے وابستہ کرداروں کو اپنے قلم کے ذریعے اجاگر کرتا رہا ہوں میرا قلم کسی کردار میں خدمت محنت اور وقار دیکھتا ہے تو وہاں اسے اپنے الفاظ میں محفوظ کرنا اپنا فرض سمجھتا ہے
یہی وجہ ہے کہ میں ایسے کرداروں کو اپنے قلم کا موضوع بناتا آ رہا ہوں جو اپنی ذمہ داری، فرض شناسی اور کردار سے معاشرے اور ادارے کے وقار میں اضافہ کرتے ہیں۔ کسی بھی شخصیت یا کردار پر قلم اٹھانے سے پہلے میں دستیاب معلومات، حقائق اور متعلقہ امور کی حتیٰ الامکان تحقیق و تصدیق کرتا ہوں،
کیونکہ میرے نزدیک تحریر محض الفاظ کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک ذمہ داری ہے۔ عائشہ بٹ کے حوالے سے بھی یہ تحریر کسی ذاتی منفعت، تعلق یا غرض کے تحت نہیں، بلکہ اسی صحافتی و قلمی روایت کی ایک کڑی ہے کہ جو کردار قابلِ تحسین ہوں،
ان کا اعتراف بھی قلم کی ذمہ داری ہے۔
پاکستان زندہ باد

بدچلنی کے الزامات سہتی مسیحی خواتین اور قوانین کی بہتری میں حائل رکاوٹیں

سمیرا جمیل

مسیحوں کے فیملی لاز (عائلی قوانین) کی تبدیلی کے حوالے سے جب بھی پیش رفت ہوتی ہے اس کے مخالف آوازیں اٹھنا شروع ہو جاتی ہیں حالانکہ کہ اس بات کو سب تسلیم کرتے ہیں کہ انگریز کے بنائے گئے قوانین جو کہ کرسچین فیملی لاز کے طور پر رائج ہیں میں تبدیلی کی ضرورت ہے کیونکہ ان میں کئی ایک واضح سقم موجود ہیں جو کہ مسیحی تعلیمات اور روایات سے مطابت نہیں رکھتے ہیں اور ان کے بارے میں اکثر و بیشتر بات بھی ہوتی رہتی ہے جیسے کرسچین ڈائیورس ایکٹ میں ایک شق یہ بھی موجود ہے جس کے تحت طلاق کے حصول کے لئے بدچلنی کا الزام ثابت ہونا لازم ہے جنرل ضیاء ؒ الحق کے اسلامائزیشن کے دور میں ڈائیورس ایکٹ کی وہ شقیں جن میں دیگر وجوہات کی بنا پر طلاق کا حصول ممکن تھا معطل کر دی گئی تھی جس کی وجہ سے مسیحی جوڑوں کے پاس علحیدگی یا طلاق کے لئے صرف ایک آپشن یہی تھی وہ ایک دوسرے کو بدچلن ثابت کریں دوسری صورت میں مذہب تبدیل کر لیں اور ایسا ہوا بھی ایسے مرد جو خواتین کو چھوڑنا چاہتے تھے انہوں نے بدچلنی کے الزامات لگائے جس کی وجہ سے کئی خواتین کو بدچلنی کا الزام سہنا پڑا متعدد کو مذہب تبدیل کرنا پڑا تھا بعدازیں لاہور ہائی کورٹ کے ایک فیصلے کے ذریعے معطل شقیں بحال کر دی گئی تھی جس کے بعد کسی حد تک معاملات میں بہتری آئی ہے مگر چونکہ مسیحی وکلاء ؒ کی تعداد کم ہے اس لئے مسیحی جوڑوں کو عدالتی سے رجوع کے لئے غیر مسیحی وکلاء ؒ سے مدد لینی پڑتی ہے انہوں نے چونکہ ماضی والے قانون کی ہی پریکٹس کی ہوتی ہے جس میں بدچلنی کا الزام لازم تھا اس لئے وہ اس دعوے کی بنیاد پر کیس دائر کرتے ہیں اس حوالے سے میری ایک وکیل سے بات ہوئی تو انہوں نے مجھے بتایا کہ زیادہ مسیحوں جوڑوں کے تنازعات یا طلاق کے کیسز میں ایک طرح کا دعوی دائر کیا جاتا ہے جس میں لکھا ہوتا ہے کہ ''میں گھر گیا تو میں نے دیکھا کہ میری بیوی برہنہ حالت میں بوٹا مسیح (غیر مرد فرضی نام) کے ساتھ لیٹی ہوئی تھی مجھے دیکھتے ہی بوٹا مسیح بھاگ کھڑا ہوا میں اس کے پیچھے بھاگا مگر وہ نکل گیا تاہم جلدی میں اس کا جوتا (یا کوئی اور چیز جو ثبوت پیش کی جا سکے) وہ وہیں چھوڑ گیا تھا اور جب میں نے اپنے طور پر اس کا جائزہ لیا تو یہ بات درست نکلی کیونکہ لوئر کورٹس میں مسیحی جوڑوں کی جانب سے جو کیسز دائر کئے جاتے رہے ہیں ان میں سے اکثر و بیشتر میں اس طرح کی باتیں لکھی نظر آتی ہیں جس کی وجہ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آج بھی مسیحی خواتین کو بدچلنی جیسے الزامات کا سامنا ہے ان الزامات کا سامنا مسیحی مردوں کو بھی ہو سکتا ہے مگر اس سے زیادہ متاثر مسیحی خواتین ہیں کیونکہ جس معاشرے میں ہم رہتے ہیں وہاں پر اگر ایک بار کسی خاتون پر بدچلنی کا الزام لگ جائے تو ساری عمر کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہتی ہے اپنوں اور غیروں کے طعنے اور رسوائی اس کا عمر بھر کا مقدر بن جاتی ہے ان معاملات کو دیکھتے ہوئے درد رکھنے والے افراد کی جانب سے متعدد بار مسیحوں کے فیملی لاز یا عائلی قوانین میں ترمیم یا بہتری لانے کی کوشش کی گئی ہے مگر جب بھی اس حوالے سے پیش رفت ہوتی ہے مخصوص حلقوں کی جانب سے مخالفت شروع کر دی جاتی ہے جن میں زیادہ تر مذہبی حلقے شامل ہیں ان کا کہنا ہے کہ مسیحی نکاح ایک مقدس سا کرامنٹ ہے جسے ختم نہیں کیا جا سکتا جبکہ کچھ مذہبی حلقوں کا کہنا ہے کہ اس حوالے سے مخصوص حالات میں نکاح کو ختم کرنے گنجائش موجود ہے اسی بات کو بنیاد پر کر ڈپٹی سپیکر سندھ اسمبلی نوید انتھونی نے سندھ اسمبلی میں کرسچین فیملی لاز کے حوالے سے ایک بل پیش کیا جس کی تیاری میں مذہبی حلقوں سے بھی مشاورت کی گئی ہے ان کا کہنا ہے کہ اس مشاورت کے نتیجے میں لازمی بہتری میں جو مشکلات درپیش تھیں ان کو ختم کیا گیا ہے اور کوشش کی گئی ہے کہ مسیحی جوڑوں کے لئے آسانیاں پیدا کی جائیں اور ان کی عزت نفس کو محفوظ بنایا جا سکے سندھ اسمبلی میں اس طرح سے قوانین کی ترمیم کے لئے بل کا پیش کیا جانا خوش آئند ہے کیونکہ اس سے قانون میں ترمیم اور بہتری کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو کسی حد تک ختم کیا گیا ہے وفاق اور دیگر صوبوں میں بھی اگر اسی طرح سے مذہبی حلقوں سے مشاورت کی جائے تو کسی حد تک یہ رکاوٹیں ختم ہو سکتی ہیں۔

کور کمانڈر کانفرنس، 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے پر بلا جھجک طاقت کے ساتھ نمٹنے کا فیصلہ

کور کمانڈر کانفرنس میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے لیے داخلی استحکام انتہائی اہم ہے، کسی بھی جواز پر، پُرتشدد انتشار یا 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے کی کوشش کو فیصلہ کُن طاقت اور قانون کے ساتھ بلا امتیاز اور بلا جھجک نمٹا جائے گا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی زیرِ صدارت 277 ویں کور کمانڈرز کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں فورم کی مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مادرِ وطن کے دفاع میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے معصوم شہریوں کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی، کانفرنس کے شرکا نے شہدا کی بے مثال قربانیوں کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا۔ شرکاء کور کمانڈرز کانفرنس نے کہا کہ افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی کے خلاف ٹارگٹڈ کارروائیاں پاکستان کا دفاعی حق ہیں، ہندوستان کے آلہ کار کے طور پر دہشت گردی کے سنگین نتائج کی ذمہ دار صرف اور صرف طالبان کی مخبوط الحواس قیادت ہے۔ فورم نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے تسلسل کے ساتھ کامیاب انٹیلی جنس کی بنیاد پر جاری انسدادِ دہشت گردی کی کارروائیوں کو سراہا اور کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے زمینی کارروائیوں کے ساتھ بہترین انتظامی اور گورننس کے اقدامات ناگزیر ہیں، دہشت گردی کے خاتمے کے لیے لازم ہے کہ گورننس کو بنیادی سطح پر عوام کے قریب ترین لایا جائے۔ فورم نے کہا کہ یہ بھی ضروری ہے کہ عوام کے ساتھ دہشت گردی کی وجوہات اور معاملات پر موثر رابطہ کاری اور بیانیے پر کام کیا جائے، دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مخصوص عناصر کے زیرِ سایہ چلنے والے کرائم ٹیررگڈ جوڑ کو توڑنا ضروری ہے جس کے لیے پولیس کی استعدادِ کار کو بھی بڑھانا ہوگا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کے پی حکومت کو واضح پیغام دیا کہ اب ایسا نہیں چلیگا، فورم نے اتفاق کیا کہ پاکستان کے لیے داخلی استحکام انتہائی اہم ہے، کسی بھی جواز پر، پُرتشدد انتشار یا 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے کی کسی بھی کوشش کو فیصلہ کُن طاقت اور قانون کے ساتھ بلا امتیاز اور بلا جھجک نمٹا جائے گا۔ فورم نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین طے پانے والے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا بھرپور خیر مقدم کیا اور اس کو دیرینہ اسٹریٹجک تعلقات اور مشترکہ دفاعی تعاون کے فروغ میں اہم قرار دیا۔ کور کمانڈرز کانفرنس کے شرکاء کی سعودی عرب کے خلاف حوثی حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور اظہار برہمی کیا۔ شرکاء ؒ کانفرنس نے سعودی عرب کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا، یکجہتی اور حرمین شریفین کے تحفظ اور تقدس کے لیے پاکستان کے عزم کا بھرپور اعادہ کیا۔ شرکائے کانفرنس نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کو اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کیا جائے۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کو مزید مضبوط کرنے کے عمل کو جاری رکھا جائے، فارمیشنز جدید ٹیکنالوجی کے حصول، ٹریننگ اور تمام جنگی جہتوں کے انضمام کے ذریعے اپنی دفاعی صلاحیتوں میں اضافہ جاری رکھیں، قوم کی غیر متزلزل حمایت کے ساتھ مسلح افواج پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

پہلوانوں کے شہر سے

افتخار احمد چوہان

GUJRANWALA

حکومتی عوامی مفاد سے متعلق مقدمات میں مضبوط پیروی یقینی بنائی جائے، کمشنر

کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن محمد علی کی زیرِ صدارت ریونیو امور اور زیرِ سماعت عدالتی مقدمات سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ریونیو معاملات میں قانونی تقاضوں کی تکمیل، مقدمات کی مؤثر پیروی اور شہریوں کو بروقت ریلیف کی فراہمی کے حوالے سے پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

اجلاس میں ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد، ایڈیشنل کمشنر ریونیو نعمان حفیظ، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن خالد ارشد مرزا، ایڈیشنل کمشنر کنسولیڈیشن نعمان فاروق تارڑ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو گوجرانوالہ اور اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں سمیت ڈویژنل و ضلعی سطح کے لا افسران اور متعلقہ ریونیو عملہ نے شرکت کی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن محمد علی کی زیرِ صدارت ریونیو امور اور زیرِ سماعت عدالتی مقدمات سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ریونیو معاملات میں قانونی تقاضوں کی تکمیل، مقدمات کی مؤثر پیروی اور شہریوں کو بروقت ریلیف کی فراہمی کے حوالے سے پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد، ایڈیشنل کمشنر ریونیو نعمان حفیظ، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن خالد ارشد مرزا، ایڈیشنل کمشنر کنسولیڈیشن نعمان فاروق تارڑ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو گوجرانوالہ اور اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں سمیت ڈویژنل و ضلعی سطح کے لا افسران اور متعلقہ ریونیو عملہ نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈویژن اور اضلاع میں ریونیو سے متعلق زیرِ سماعت مقدمات، عدالتی معاملات اور مختلف کیسز میں ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر محمد علی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام مقدمات کی مؤثر اور مضبوط قانونی پیروی کو یقینی بنایا جائے، عدالتی احکامات پر قانون و ضابطے کے مطابق بروقت عملدرآمد کیا جائے اور کیسز کے ریکارڈ و دستاویزات کو مکمل اور مرتب رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ریونیو معاملات میں شفافیت، میرٹ اور قانون کی بالادستی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ شہریوں کے حقوق کے تحفظ اور انہیں بروقت ریلیف کی فراہمی کے لیے ریونیو کیسز میں غیر ضروری تاخیر کا خاتمہ اور مقررہ مدت کے اندر قانونی کارروائی یقینی بنائی جائے۔ کمشنر محمد علی نے افسران پر زور دیا کہ عدالتی مقدمات کی مؤثر مانیٹرنگ، قانونی نکات کا باریک بینی سے جائزہ اور متعلقہ لا افسران کے ساتھ مؤثر رابطہ برقرار رکھا جائے تاکہ حکومتی و عوامی مفاد سے متعلق مقدمات میں قانون کے مطابق مضبوط پیروی کی جا سکے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ ریونیو امور میں شفاف اور مؤثر نظام کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ شہریوں کی درخواستوں اور شکایات پر بھی قانون کے مطابق فوری کارروائی کی جائے۔ اجلاس میں مختلف مقدمات کی پیش رفت، قانونی امور اور ریونیو نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے ضروری اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔

محبت، خلوص اور عیادت کا حسین امتزاج منور حسین کی عیادت

منور حسین نے صحافی محمد ندیم ساگر کی رہائش گاہ پر عیادت کی اور خیریت دریافت کی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) محبت، خلوص اور عیادت کا حسین امتزاج منور حسین کی عیادت منور حسین، ڈائریکٹر تعلقاتِ عامہ گوجرانوالہ ڈویژن نے علالت کے باعث زیرِ علاج صحافی محمد ندیم ساگر کی رہائش گاہ پر تشریف لے جا کر ان کی عیادت کی اور خیریت دریافت کی۔ اس موقع پر انہوں نے جلد صحت یابی کے لیے نیک تمناں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مشکل وقت میں اپنوں کی محبت، خلوص اور حوصلہ افزائی انسان کے لیے باعثِ تقویت ہوتی ہے۔ عیادت کے موقع پر محمد ندیم ساگر نے منور حسین کی آمد، محبت اور خلوص پر دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی محبت بھری آمد اور نیک تمنائیں ان کے لیے باعثِ مسرت و حوصلہ افزائی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مشکل وقت میں خلوص اور اپنائیت کے ساتھ عیادت کے لیے آنا ایک خوبصورت انسانی جذبہ ہے، جو ہمیشہ یاد رہتا ہے۔ انہوں نے منور حسین کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ انہیں ہمیشہ سلامت، خوش و خرم رکھے اور عزت، صحت اور کامیابیوں سے نوازے۔ ان کا کہنا تھا کہ منور حسین کی محبت، شفقت اور خلوص ان کے لیے ایک قیمتی سرمایہ ہے، جس پر وہ دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہیں۔ صحافی محمد ندیم ساگر نے انہیں زیارت حرمین شریفین اور عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد بھی دی اور نیک تمناں کا اظہار کیا

☆☆☆☆

بی آر ٹی ایلیو لائن کی تعمیر تیز، شفٹوں میں کام جاری

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے بی آر ٹی یلو لائن میٹرو بس سروس منصوبے کے تحت نہر اپر چناب پل، جی ٹی روڈ نزد مراد آئی ہسپتال کی توسیع اور زیرِ تعمیر چندا قلعہ انڈر پاس کا دورہ کیا

نہر اپر چناب پل، جی ٹی روڈ نزد مراد آئی ہسپتال کی

بعدالت جناب سید قمر عباس صاحب سول جج جہلم
درخواست گارڈین عنوان مقدمہ سعید فاروق بنام عوام الناس اخبار اشتہار منجانب سعید فاروق ولد سکندر خان ساکن ڈاکخانہ خاص پنڈی خیر تحصیل وضلع جہلم بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 05-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔
Cr..Faraz

بعدالت جناب سیدہ حباب اختر صاحبہ سول جج جہلم
دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع عنوان مقدمہ شہناز بی بی بنام اکبر علی اخبار اشتہار بنام اکبر علی ولد غلام نبی ساکن ٹاٹہ مانسہرہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 07-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔
Cr..Faraz

عاق نامہ
میں اپنے پسر محمد وقاص ولد محمد عاشق کو بوجہ نافرمانی، گستاخی، غلط چال چلن اور بری حرکات کی وجہ سے اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آئندہ میرا اور میرے خاندان کے دیگر افراد کا اس کے ساتھ کسی بھی قسم کا کوئی تعلق نہ ہوگا اور نہ ہی ہم اس کے قول وفعل اور لین دین کے ذمہ دار ہوں گے۔
المشتہر: محمد عاشق ولد یوسف ساکن کوٹو والہ ڈاکخانہ موڑ کھنڈا نکانہ صاحب۔
CR....CH IMTIAZ AHMED

بعدالت جناب سید محترمہ زہرہ جمیل صاحبہ سول جج نکانہ صاحب
دعویٰ: استقرار حق معہ حکم تاکیدی
عنوان مقدمہ: آمنہ بی بی وغیرہ بنام عوام الناس
پتہ سائلہ: آمنہ بی بی بیوہ ریاض احمد قوم بھٹی ساکن مسجد حق چار یار بودلہ چوک منڈی فیض آباد تحصیل وضلع نکانہ صاحب۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 15-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے ومہر عدالت سے جاری ہوا۔
CR...CH IMTIAZ AHMED

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب ڈونگہ بونگہ
انتقال وراثت موضع ٹوبہ رحمان شاہ تحصیل بہاولنگر میرے روبرو برائے منظوری پیش ہوا غلام مصطفیٰ بیٹا متوفی حاضر آکر بیانی ہے کہ میرا والد محمد اقبال ولد غلام رسول زات باجوہ بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے جس کا انتقال وراثت درج کروایا ہے متوفی کے ورثاء میں بیوہ فخراج بی بی پانچ بیٹے غلام مصطفیٰ۔ غلام مرتضیٰ۔ علی رضاء۔ علی حسن۔ محمد شکیل چار بیٹیاں شکیلہ بی بی۔ عدیلہ بی بی۔ آسیہ بی بی۔ راحیلہ افضل زندہ حیات ہیں اور والدین متوفی پہلے سے فوت شدہ ہیں انتقال وارثت منظور کرانا چاہتا ہے دیگر کوئی وارث درج نہ کرایا ہے اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو یا کوئی وارث محروم کیا گیا ہو تو اندر سات یوم دفتر زیر دستخطی اصالتاً یا وکالتاً حاضر آکر جواب داخل کریں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔
(مہر عدالت) (دستخط آفیسر مجاز)
Cr..Donga

*بعدالت جناب سید میثم رضا زیدی صاحب سول جج جھنگ۔ محمد علی بنام صوبہ پنجاب وغیرہ دعوی استقرار حق اشتہار بنام مسماۃ ستاں مائی بیوہ قائم دین (متوفیہ) بقائمی وارثان، جنت مائی دختر قائم دین، صادق علی (متوفی) با قائمی وارثان کنیزاں مائی بیوہ مدد علی، مجاہد علی، اصغر علی، جعفر علی، حسن علی پسران صادق علی (متوفی) بھاگن مائی، سکینہ مائی، غلام فاطمہ، حلیمہ مائی، فضہ مائی دختران صادق علی (متوفی) اقوام جٹ گل سکنائے چک نمبر 3/4L تحصیل احمد پور سیال ضلع جھنگ، مقدمہ عنوان بالا میں اپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن مدعا علیہم کی تعمیل اسان طریقے سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا اپ کو بذریعہ اشتہار اخبار مطالع کیا جاتا ہے کہ مقرر تاریخ 02-10-2026 اصالتاً وکلاء حاضر عدالت بوقت 8 بجے پیش ہو ورنہ یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی
Cr..Shahid Shail

بعدالت جناب فہد خان ڈاہر صاحب سول جج درجہ اول وفیملی ہارون آباد
عنوان مقدمہ علیزہ شہزادی بنام مظہر حسین ولد نور حسین قوم اعوان سکنہ چک علیا ضلع سیالکوٹ
دعوی تنسیخ نکاح خرچہ نان ونفقہ وسامان جہیز
ہرگاہ مدعا علیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن طلب کیا گیا مگر تعمیل عام طریقہ سے مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مدعیہ نے آپ کے خلاف دعوی عنوان بالا دائر کیا ہے آپ بتقرر 05/10/2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے
BhattiCr.Bashir

بعدالت جناب راشد حسین صاحب سول جج وفیملی کورٹ ہارون آباد
عنوان مقدمہ محمد عنصر جاوید بنام لائبہ پروین دختر صفدر علی ذات جٹ سکنہ چک نمبر 164/7 آر تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر
دعوی اعادہ حقوق زن آشوئی
ہرگاہ مدعا علیہا کو متعدد بار بذریعہ سمن طلب کیا گیا مگر تعمیل عام طریقہ سے مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مدعی نے آپ کے خلاف دعوی عنوان بالا دائر کیا ہے آپ بتقرر 07/10/2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے
BhattiCr.Bashir

از دفتر ایڈمنسٹریٹر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ پاکپتن انس پاکپتن
ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد افضل ولد محمد رفیق سکنہ مکان نمبر 905 سٹریٹ نمبر 3 محلہ عیدگاہ تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے کہ اس کی بیٹے علی دستگیر کے برتھ سرٹیفکیٹ میں والد محمد افضل کا شناختی کارڈ نمبر 3640231269645 اور والدہ عابدہ بی بی کا شناختی کارڈ نمبر 3640261594832 درج نہیں ہے، علی دستگیر کے پیدائش سرٹیفکیٹ پر والد اور والدہ کا شناختی کارڈ موسپل کمیٹی پاکپتن میں درج کرنا قانونی امر ہے، اگر کسی کو اعتراض ہو اندر اخبار اشتہار 7 روز رابطہ کریں، بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا
C/o..RM

بعدالت جناب رانا قیصر شفیق صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اوّل / تحصیلدار صاحب تحصیل وضلع ننکانہ صاحب
نوٹس بنام عوام الناس
ہرگاہ ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وارثت متوفی محمد شریف ولد احمد علی قوم جٹ چھچی ساکن موضع ہلہ کھچیاں تحصیل وضلع ننکانہ صاحب جو کہ فوت ہو گیا تھا جس کی وارثتی اراضی موضع ہلہ کھچیاں تحصیل وضلع ننکانہ صاحب میں واقع ہے شجرہ نسب مرتب پٹواری کے مطابق متوفی کے وارثان میں احمد علی پہلے فوت شد، خاتو بی بی پہلے فوت شد، سکینہ بی بی پہلے فوت شد، ریاست علی زندہ، سیف علی زندہ، لیاقت علی زندہ، شوکت علی پہلے فوت شد بلازن لاولد، صغریٰ بی بی زندہ، فاطمہ بی بی فوت شد، خورشید بی بی زندہ متوفی کو متوفی کے قانونی وشرعی وارثان ظاہر کیا گیا ہے اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر دوارث ہو تو اشاعت اخبار سے سات دن کے اندر اندر دفتر ہذا آکر اپنا عذر پیش کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضاطہ عمل میں لائی جائے گیا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
CR....CH IMTIAZ AHMED

بقیہ 13 سحر

وکشمیر میں انڈین نیشنل کانگریس نے جائیدادوں، ملازمتوں اور قدرتی وسائل کے تحفظ کی آئینی ضمانتوں کے ساتھ مقبوضہ علاقے کی مکمل ریاستی حیثیت کی بحالی کا مطالبہ دہراتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت اس سلسلے میں کشمیریوں سے کئے گئے اپنے وعدوں کی پاسداری نہ کرکے مکمل طور پر بے نقاب ہو چکی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق، مقبوضہ کشمیر میں انڈین نیشنل کانگریس کے ورکنگ پریذیڈنٹ رمن بھلا اور دیگر رہنماؤں نے جموں میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مودی حکومت اور بی جے پی کو جموں وکشمیر کی ریاستی حیثیت کی بحالی میں مسلسل تاخیر پر شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔

بقیہ 14 سحر

کردی کے بیانیے میں ٹیلیفوٹن ڈالتے ہیں، پولیس کی کپسٹی بلڈنگ کیوں نہیں کرتے۔ خواجہ آصف نے گزشتہ روز کی پریس کانفرنس کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کے پی حکومت کی تقریباً چارج شیٹ پڑھ کرسنا دی، بالکل واضح پیغام، اب ایسا نہیں چلے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہمارے لیے سب سے اہم یہ ہیکہ ریاست ہے تو سیاست ہے

بقیہ 15 سحر

عباس نے کہا ہے کہ جماعتِ اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کے پاس حاضر ہوئے، ملاقات کا مقصد آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کی دعوت دینا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ملاقات میں خیبر پختون خوا کی صورتحال پر بھی بات چیت ہوئی اور اس بات پر اتفاق ہوا ہے کہ ایمرجنسی یا گورنر راج مسئلے کا حل نہیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ موجودہ حالات میں مل بیٹھ کر بات چیت کرنے کی ضرورت ہے، جماعتِ اسلامی آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کرے گی۔ امیرِ جماعتِ اسلامی نے کہا کہ خیبر پختون خوا میں گورنر راج کی باتیں ہو رہی ہیں، آئین کو معطل یا پامال کرکے مخصوص مقاصد کے لیے کیے گئے کسی اقدام کی حمایت نہیں کریں گے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ پی ٹی آئی سے مذاکرات بامعنی ہونے چاہئیں، پی ٹی آئی نے بھی مذاکرات سے انکار نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان پی ٹی آئی کے لیڈر ہیں اور جیل میں ہیں، انہیں پارٹی رہنماں سے ملاقات کی اجازت ہونی چاہیے، پی ٹی آئی کے مطالبات جائز ہیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ملاقات میں بہت اچھی گفتگو ہوئی اور جماعتِ اسلامی نے آل پارٹیز کانفرنس کی دعوت قبول کر لی ہے، ہم کانفرنس میں شرکت کریں

بقیہ 16 سحر

قائد حزب اختلاف راہل گاندھی نے مرکز اور مدھیہ پردیش میں ہندوتوا بی جے پی کی حکومتوں کو کڑی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ بالاغاٹ کے قبائلی علاقوں میں بیماری اور غذائی قلت کے باعث بچوں کی اموات کے بعد بی جے پی حکومت کے ترقی کے دعوے کھوکھلے ثابت ہو گئے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق راہل گاندھی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ متاثرہ خاندان اب بھی امداد کے منتظر ہیں جبکہ قبائلی آبادی کو بنیادی صحت، تعلیم، روزگار اور مالکانہ حقوق بھی مکمل طور پر میسر نہیں ہیں۔ راہل گاندھی نے برسا بلاک کے گاؤں جگلا میں باگا قبائلی خاندانوں سے ملاقات کی، جہاں بیماری کے باعث کئی بچے ہلاک ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی حکومت متاثرہ خاندانوں کو مناسب امداد فراہم کرنے اور موجودہ فلاحی و جنگلاتی قوانین کے تحت ان کے حقوق یقینی بنانے میں ناکام رہی ہے۔ انہوں نے کہا، بالاغاٹ کے قبائلی علاقوں میں بہت سے بچے بیماری اور غذائی قلت کے باعث ہلاک ہو چکے ہیں، لیکن حکومت کی جانب سے صحت، تعلیم یا روزگار کے حوالے سے ان کی کوئی مدد نہیں کی گئی۔ ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے قبائلی عوام کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا گیا ہو اور نہ مرکزی حکومت اور نہ ہی ریاستی حکومت ان کی مدد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا، بہت سے بچے غذائی قلت اور بیماری کے باعث اپنی جانیں گنوا چکے ہیں، لیکن متاثرہ خاندانوں کو مکمل معاوضہ نہیں ملا۔ کانگریسی رہنما نے دیہات میں اسکولوں، ہسپتالوں اور دیگر بنیادی سہولیات کی صورتحال پر بھی سوال اٹھایا اور اسے حکومت کی جانب سے بار بار کیے جانے والے ترقی کے دعوؤں سے متصادم قرار

بقیہ 17 سحر

چلنے والے آرٹیفیشل انٹیلیجنس (اے آئی) ایجنٹس نے کینیڈین اور امریکی سرکاری ویب سائٹس ہیک کرنے کی کوشش کی۔ سان فرانسسکو میں قائم غیر منافع بخش تحقیقی ادارے ٹرانس لوس کی رپورٹ کے مطابق محققین کو ہیکنگ کی 2 ابتدائی اور ناکام کوششوں کا سراغ ملا ہے، ان میں سے ایک امریکی محکمہ تعلیم کے شہری حقوق سے متعلق ڈیٹا کلیکشن کے خلاف، جبکہ دوسری کینیڈین وفاقی ادارے لائبریری اینڈ آرکائیوز کینیڈا کے خلاف کی گئی۔ محققین کے مطابق ان ناکام کوششوں کا تعلق ایسی دیگر سرگرمیوں سے بھی تھا جن میں اے آئی ایجنٹس نے ہیکنگ سے کم درجے کے جارحانہ طریقوں کی ایک وسیع رینج استعمال کرتے ہوئے امریکی سرکاری ویب سائٹس کی جانچ پڑتال کی۔ رپورٹ کے مطابق بعض مواقع پر ان ویب سائٹس کو ایسے طریقوں سے استعمال کیا گیا

بقیہ 18 سحر

جاری کر دیں۔ یہ ملاقات اقوام متحدہ جنرل اسمبلی اجلاس کے موقع پر عالمی رہنماں کے اعزاز میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ ضیافت کے موقع پر ہوئی

بقیہ 19 سحر

نے تقریباً 1 ہزار بچوں کو جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ریاست کی اٹارنی جنرل اینڈریا جوئے کیمبل کی جانب سے جاری 203 صفحات پر مشتمل رپورٹ میں بتایا گیا کہ فال ریور، اسپرنگ فیلڈ اور ووسٹر کے 3 کیتھولک ڈاوسز میں کئی دہائیوں تک بچوں کے ساتھ زیادتی کے واقعات پیش آتے رہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ تحقیقات کے دوران کئی سالوں کا پرانا ریکارڈ دیکھا گیا اور 100 سے زیادہ افراد کے انٹرویوز کیے گئے، جن میں متاثرین بھی شامل تھے۔ رپورٹ کے مطابق اس دوران کم از کم 275 مذہبی عہدیداروں پر 944 بچوں سے زیادتی کے الزامات سامنے آئے، جن میں سے زیادہ تر واقعات 2002 سے پہلے کے ہیں۔ تحقیقات میں یہ بھی سامنے آیا کہ چرچ کے بعض عہدیداروں نے شکایات اور انتباہات پر مناسب کارروائی نہیں کی اور بعض ملزمان پادریوں کو دوسری جگہ منتقل کیا گیا۔ اس حوالے سے میساچوسٹس کی اٹارنی جنرل اینڈریا جوئے کیمبل نے پریس کانفرنس میں کہا کہ اداروں نے کئی مواقع پر بچوں کے تحفظ کے بجائے چرچ کی ساکھ کو ترجیح دی۔ رپورٹ میں متاثرین کے تحفظ اور قانونی اصلاحات کے لیے مزید اقدامات کی سفارش بھی کی گئی

بقیہ 20 سحر

ن اکرم شیخ نے شرکت کی۔ وزارت صنعت و پیداوار کے مطابق اجلاس کے دوران وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جدید ترین جیم سٹون کے مرکز، پراسیسنگ اور نمائش کی سہولیات کے قیام کا جائزہ لیا گیا۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایات کے مطابق جیم سٹون کے لیے عالمی معیار کا جدید مرکز قائم کیا جائے گا، اس شعبے میں اربوں ڈالر کی معاشی ترقی اور برآمدات بڑھانے کی صلاحیت موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ کان کنی اور پراسیسنگ کے مراحل میں قیمتی پتھروں کا بڑا حصہ ضائع ہو جاتا ہے جسے روکنے اور شعبے کی ترقی کے لیے جیم سٹونز پالیسی تشکیل دے کر اس پر عمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جدید ترین ٹیکنالوجی کے استعمال سے قیمتی پتھروں کی قدر میں اضافہ اور اربوں ڈالر کے ممکنہ نقصانات سے بچا ممکن ہے، قیمتی پتھروں کے شعبے کو جدید پراسیسنگ، تراش خراش اور نمائش کی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت قیمتی پتھروں کے شعبے کو ضروری سہولیات فراہم کرکے اسے جدید خطوط پر استوار کرے گی، قیمتی پتھروں کی مقامی سطح پر پراسیسنگ سے ان کی قدر میں اضافہ، برآمدات میں بہتری اور ملکی معیشت کو تقویت ملے

بقیہ 21 سحر

بنائی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے بھارت کو جنگ میں بھرپور جواب دیا، مسلح افواج دہشتگردی کا بھرپور مقابلہ کر رہی ہیں، دنیا میں پاکستان کا ایک نیا تشخص اجاگر ہو رہا ہے۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ جب تک اندرونی نظام درست نہیں ہوتا، داخلی سکیورٹی کو خطرہ رہے گا، سب سے پہلے ہم سب پاکستانی ہیں، کچھ چیزیں واضح ہیں جن پر توجہ دینی چاہیئے، ہمارا زوال وہاں سے شروع ہوا جہاں ہمارا تسلسل ختم ہوا، پالیسی کا تسلسل نہ ہو تو ملک ترقی نہیں کرسکتا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کچے کے علاقے میں ریاست کی عمل داری کو بحال کیا، دہشت گردوں نے خیبر پختونخوا کا حسن تباہ کردیا، خیبر پختونخوا پہلے کیا کرتا تھا، اب دیکھ لیں، گورننس، پرفارمنس اور انسٹیٹیوشن میں بہتری کے بغیر ترقی ممکن نہیں، پنجاب سے ڈالہ کلچر کا خاتمہ کیا، صوبے میں جرائم کی شرح میں 70 فیصد تک کمی ہوئی ہے۔

بقیہ 22 سحر

کے حوالے سے ایک آگاہی سیشن منعقد کیا گیا۔ اس اسکیم کا مقصد بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کو بینکنگ کے باضابطہ ذرائع کے ذریعے پاکستان رقوم بھیجنے کی ترغیب دینا ہے۔ اس موقع پر نیشنل بینک آف پاکستان کی متحدہ عرب امارات کی ٹیم نے شرکا کو اسکیم کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ بتایا گیا کہ اس اسکیم کے تحت قانونی ذرائع سے پاکستان ترسیلاتِ زر وصول کرنے والے اہل مستفیدین کیلئے سالانہ 16 ارب روپے کے نقد انعامات مختص کیے گئے ہیں۔ سیشن کے دوران پاسبان اسکیم کی باضابطہ آگاہی ویڈیو بھی دکھائی گئی، جبکہ شرکا کے سوالات کے جوابات دینے کے لیے سوال و جواب کا خصوصی سیشن بھی منعقد ہوا۔ اس موقع پر قونصل جنرل پاکستان، دبئی، حسین محمد نے اس اقدام کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنے کے لیے نیشنل بینک آف پاکستان کی کوششوں کو سراہا اور قومی معیشت میں بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کے قابلِ قدر کردار کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانی کمیونٹی پر زور دیا کہ وہ پاکستان رقوم بھیجنے کے لیے محفوظ اور بینکنگ کے باضابطہ ذرائع استعمال کریں تاکہ پاکستان میں ان کے اہلِ خانہ اور دیگر مستفیدین بھی اس اسکیم سے فائدہ اٹھا سکیں۔ تقریب کے اختتام پر شرکا میں اسکیم سے متعلق معلوماتی مواد تقسیم کیا گیا، جبکہ اسکیم کے آغاز کی مناسبت سے کیک کاٹنے کی تقریب بھی منعقد

بقیہ 23 سحر

چھونگ نے یکم اکتوبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی تیسری کمیٹی میں عام بحث کے دوران خطاب کرتے ہوئے انسانی حقوق کو سیاسی رنگ دینے، آلہ کار اور ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی مخالفت کا اظہار کیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فو چھونگ نے کہا کہ موجودہ بین الاقوامی صورتحال دوسری عالمی جنگ کے بعد سے انتہائی پیچیدہ اور گہری تبدیلیوں سے گزر رہی ہے، جبکہ بین الاقوامی انسانی حقوق کے شعبے کو بے مثال خطرات اور آزمائشوں کا سامنا ہے۔

بقیہ 24 سحر

سفارت خانے میں چاقو لے کر غیر قانونی طور پر داخل ہونے والے جاپان کی سیلف ڈیفنس فورسز کے سابق اہلکار کودائی موراتا کے خلاف مقدمے کی پہلی کھلی سماعت ہوئی اس حوالے سے جاپان میں چین کے سفارت خانے کے ترجمان نے صحافی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ جاپان کی سیلف ڈیفنس فورسز کے ایک حاضر سروس اہلکار کا چاقو لے کر چین کے سفارت خانے میں زبردستی داخل ہونا بین الاقوامی برادری میں ایک غیر معمولی سنگین واقعہ ہے۔ ترجمان نے کہا کہ یہ واقعہ دیانا کنونشن برائے سفارتی تعلقات کی سنگین خلاف ورزی، چین کی خودمختاری اور وقار کی شدید پامالی اور چینی سفارتی اہلکاروں کی جان وسلامتی اور سفارتی مشن کی عمارت کی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ ہے۔ اس واقعے سے جاپان میں دائیں بازو کی قوتوں کے بڑھتے ہوئے اثر ورسوخ اور سیلف ڈیفنس فورسز کے اہلکاروں کی نگرانی وتربیت میں موجود متعدد گہرے مسائل بھی سامنے آئے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ اس مقدمے کے حقائق واضح اور شواہد ٹھوس ہیں، اس لیے کسی بھی قسم کا انکار قابلِ قبول نہیں۔ جاپانی فریق اس مقدمے سے کیسے نمٹتا ہے، چین اس کا منتظر ہے اور عالمی برادری بھی اس معاملے پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ چین نے جاپان پر زور دیا کہ وہ اس معاملے پر مطلوبہ سنجیدہ رویہ اپنائے، مجرم کو سخت سزا دے، واقعے کی مکمل تحقیقات کرکے اصلاحی اقدامات کرے اور اس حوالے سے ذمہ دارانہ وضاحت پیش

بقیہ 25 سحر

زیادہ سے زیادہ غیر ملکی سیاح چین کا رخ کر رہے ہیں تاکہ کھلے پن کے حامل چین کی ثقافتی وسیاحتی کشش اور ترقی کی توانائی کو محسوس کرسکیں۔ رواں سال کی پہلی ششماہی میں چین آنے والے غیر ملکیوں کی ٹرپس کی تعداد 2 کروڑ 29 لاکھ 14 ہزار رہی، جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 20 فیصد سے زیادہ اضافہ ہے۔ ان میں ویزا فری داخل ہونے والے غیر ملکیوں کی ٹرپس کی تعداد میں 30.6 فیصد اضافہ ہوا۔

بقیہ 26 سحر

ٹکائیں، پاکستان کسی ایک سیاسی جماعت، ادارے، فوج یا بیوروکریسی کا نہیں بلکہ 25 کروڑ عوام کا ملک ہے، جس کے قیام کے لیے لوگوں نے بڑی قربانیاں دی ہیں، اب خون خرابہ بند ہونا چاہیے اور سیاسی وسماجی تقسیم ختم کرنے کے لیے تمام فریقوں کو مل بیٹھ کر بات کرنی چاہیے۔ امیر جماعت اسلامی نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی کے نفاذ کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی آئین کو معطل یا پامال کرنے اور موجودہ نظام کو مخصوص مقاصد کے لیے متاثر کرنے والے کسی اقدام کی حمایت نہیں کرے گی۔

بقیہ 27 سحر

اس نے کاک پٹ میں داخل ہو کر دیگر مسافروں کی مدد سے مبینہ حملہ آور کو قابو کیا۔ مسافر نے بتایا کہ حملہ آور طیارے کے کنٹرول سسٹم کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہا تھا۔ یانیو ہئیون کی نیتن یاہو سے ملاقات کی تصاویر اور ویڈیو سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے مسافر کے خون آلود کپڑوں سمیت واقعے کے مختلف پہلوں پر کئی سوالات اٹھا دیئے۔ سوشل میڈیا صارفین نے بتایا کہ مسافر کے کپڑوں پر لگا خون اصلی نہیں ہے، صاف ظاہر ہو رہا ہے کہ یہ ایک فالس فلیگ آپریشن ہے اور اسرائیلی حکومت کا شیطانی پروپیگنڈا ہے۔ واضح رہے کہ فلائی دبئی کی پرواز ایف زی 1073 دبئی سے تل ابیب جا رہی تھی کہ دورانِ پرواز کاک پٹ میں پرتشدد واقعہ پیش آیا۔ طیارے نے اچانک تقریباً 14 ہزار فٹ سے زائد بلندی کھو دی، تاہم متبادل عملے اور مسافروں کی مدد سے اسے سعودی عرب کے شہر تبوک میں باحفاظت اتار لیا گیا۔ واقعہ میں کپتان اور شریک پائلٹ زخمی ہوئے، جبکہ واقعے کی وجوہات اور محرکات کی تحقیقات جاری

بقیہ 28 سحر

صورتحال مزید واضح ہو جائے گی۔ عامر ڈوگر نے کہا کہ حکومت کی جانب سے بیرسٹر گوہر اور اسد قیصر سے رابطہ کیا گیا ہے، جبکہ وزیراعظم ہاؤس میں ہونے والے اجلاس میں لانگ مارچ کے معاملے پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں بتایا گیا کہ وزیراعظم نے اپوزیشن کو انگیج کرنے کی ہدایت کی ہے۔ رہنما تحریک انصاف نے کہا کہ ان کا مطالبہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی تک ڈاکٹرز کو رسائی دی جائے، ان سے ملاقات کی اجازت ہو اور آئین کی عمل داری یقینی بنائی جائے، اگر حکومت کی نیت درست ہے تو ان مطالبات کو تسلیم کرنے میں کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی سے متعلق معاملات پر تحریک انصاف کی وکلا ٹیم نے غور کیا ہے، ایمرجنسی یا گورنر راج کے نفاذ سے ملک میں تناؤ بڑھے گا، جبکہ دہشتگردی اور بے روزگاری پہلے ہی بڑے مسائل ہیں۔ عامر ڈوگر نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کا مینڈیٹ کچلا گیا تو اس سے نفرت بڑھے گی، لانگ مارچ کی وجہ سے ایک ہزار سے زائد افراد کو اٹھایا گیا ہے جبکہ پنجاب کے مختلف اضلاع میں کارکنان نظر بند ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت ان کا بنیادی مطالبہ ہے جس پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے

بقیہ 29 سحر

صورتحال مزید واضح ہو جائے گی۔ عامر ڈوگر نے کہا کہ حکومت کی جانب سے بیرسٹر گوہر اور اسد قیصر سے رابطہ کیا گیا ہے، جبکہ وزیراعظم ہاؤس میں ہونے والے اجلاس میں لانگ مارچ کے معاملے پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں بتایا گیا کہ وزیراعظم نے اپوزیشن کو انگیج کرنے کی ہدایت کی ہے۔ رہنما تحریک انصاف نے کہا کہ ان کا مطالبہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی تک ڈاکٹرز کو رسائی دی جائے، ان سے ملاقات کی اجازت ہو اور آئین کی عمل داری یقینی بنائی جائے، اگر حکومت کی نیت درست ہے تو ان مطالبات کو تسلیم کرنے میں کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی سے متعلق معاملات پر تحریک انصاف کی وکلا ٹیم نے غور کیا ہے، ایمرجنسی یا گورنر راج کے نفاذ سے ملک میں تناؤ بڑھے گا، جبکہ دہشتگردی اور بے روزگاری پہلے ہی بڑے مسائل ہیں۔ عامر ڈوگر نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کا مینڈیٹ کچلا گیا تو اس سے نفرت بڑھے گی، لانگ مارچ کی وجہ سے ایک ہزار سے زائد افراد کو اٹھایا گیا ہے جبکہ پنجاب کے مختلف اضلاع میں کارکنان نظر بند ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت ان کا بنیادی مطالبہ ہے جس پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے

بقیہ 30 سحر

فو چھونگ نے یکم اکتوبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی تیسری کمیٹی میں 28 ہم خیال ممالک کی نمائندگی کرتے ہوئے یکطرفہ جبری اقدامات کے معاملے پر مشترکہ خطاب کیا اور عالمی برادری پر زور دیا کہ اس غیر قانونی اقدام کو روکنے کے لیے پُرعزم کوششیں کی جائیں۔ فو چھونگ نے کہا کہ 28 ممالک نے یکطرفہ جبری اقدامات کی مخالفت کا اعادہ کیا ہے اور چند مغربی ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ عالمی برادری کی جانب سے انصاف پر مبنی مطالبات کو سنیں اور فوری طور پر، غیر مشروط اور مکمل طور پر یکطرفہ جبری اقدامات ختم کریں۔ انہوں نے کہا کہ 28 ممالک نے اقوام متحدہ کے رکن ممالک، اقوام متحدہ کے نظام اور دیگر بین الاقوامی تنظیموں سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ مشترکہ طور پر ان غیر قانونی اقدامات کی مخالفت کریں، پابندیوں کا سامنا کرنے والے ممالک کو مدد فراہم کریں اور ان کی مشکلات کم کرنے میں معاونت کریں۔ 28 ممالک نے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل سے مطالبہ کیا کہ وہ یکطرفہ اقتصادی اقدامات کے ذریعے سیاسی اور اقتصادی دباؤ ڈالنے کے واقعات کی نگرانی جاری رکھیں۔ فو چھونگ نے اینگیوا اور باربوڈا، بیلاروس، بولیویا، برکینا فاسو، کمبوڈیا، کیمرون، وسطی افریقی جمہوریہ، کیوبا، شمالی کوریا، مصر، استوائی گنی، اریٹیریا، ایتھوپیا، ایران، لاؤس، مالی، نکاراگوا، نائجر، پاکستان، روس، جنوبی سوڈان، سری لنکا، فلسطین، سوڈان، یوگنڈا، وینزویلا، زمبابوے اور چین سمیت 28 ممالک کی جانب سے مشترکہ خطاب

بقیہ 31 سحر

خارجہ ایس جے شنکر نے کہا کہ امریکا دہشت گردی سے متعلق بھارتی خدشات کو مناسب طور پر نہیں سمجھ رہا۔ ایس جے شنکر نے امریکی تجارتی پالیسیوں پر بھی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی معاہدے پر بات چیت جاری ہے مگر زرعی شعبے سمیت کئی معاملات پیچیدہ ہیں۔ بھارتی وزیر خارجہ نے روس سے تیل خریدنے والے ممالک پر ممکنہ 100 فیصد امریکی محصول کو بھی بھارت کے لیے بڑا مسئلہ قرار دیا ہے۔ عرب میڈیا پر شائع کی گئی خصوصی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا کہ بھارت کو امریکا کے پاکستان کے ساتھ بڑھتے تعلقات اور ٹرمپ کے پاکستان پر بڑھتے اعتماد پر سخت تشویش ہے۔

بقیہ 32 سحر

گے تو پھر کب ہوں گے؟۔ انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کا تحفظ جمعیت علمائے اسلام کے بنیادی مقاصد میں شامل ہے۔

بقیہ 33 سحر

ہوگی۔ تی جن پھنگ کے اہم خطاب نے عوام میں نئی تحریک پیدا کی ہے، جبکہ مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کا کہنا ہے کہ انہیں متحد ہو کر مسلسل جدوجہد جاری رکھنی چاہیے تاکہ ایک مضبوط ملک کی تعمیر اور قومی نشاۃ ثانیہ کے

جماعت اسلامی نے پوزیشن کی آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کا اعلان کر دیا

ملک میں امن وامان، معاشی صورت حال، عوام کے حق حکمرانی اور جمہوری عمل کی بحالی کے لیے ایک متفقہ قومی ایجنڈے کی اشد ضرورت ہے

جماعت اسلامی آئین کو معطل یا پامال کرنے اور موجودہ نظام کو مخصوص مقاصد کے لیے متاثر کرنے والے کسی اقدام کی حمایت نہیں کرے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جماعت اسلامی نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی جانب سے آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) میں شرکت کی دعوت قبول کرتے ہوئے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کرنے کی مخالفت کی ہے۔ وفد نے اسلام آباد میں امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن سے ملاقات کی، جس میں پی ٹی آئی چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان، اپوزیشن لیڈر علامہ ناصر عباس اور سینیئر سیاست (بقیہ نمبر 45)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے معاملے پر سنجیدگی سے غور کیا جا رہا ہے، طارق فضل

27 ستمبر کو بھی حکومت کی تیاری مکمل تھی اور 4 اکتوبر کے لیے بھی مکمل ہے، اسلام آباد کے تحفظ اور ہجوم کو روکنے کے لیے حکومت تیار ہے، وفاقی وزیر

ایمرجنسی کے نفاذ اور اس کے ممکنہ اثرات سے متعلق ورکنگ مکمل کی جا چکی ہے، پیپلز پارٹی اتحادی ہے جن معاملات پر شکایات ہیں، حکومت کا موقف ہے کہ ان پر بات کی جائے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ سے متعلق وزرا نے بتایا ہے کہ معاملے پر سنجیدگی سے غور کیا جا رہا ہے، تاہم حتمی فیصلہ مشاورت کے بعد ہوگا، 27 ستمبر کو بھی حکومت کی تیاری مکمل تھی اور 4 اکتوبر کے لیے بھی مکمل ہے، اسلام آباد کے تحفظ اور ہجوم کو روکنے کے لیے حکومت تیار ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو طارق فضل چوہدری (بقیہ نمبر 46)

جماعت اسلامی لاہور کی پیٹرول لیوی کے خلاف دستخطی مہم

مساجد، بازاروں اور شاہراہوں پر کیمپس قائم، شہریوں نے دستخط ثبت کیے

لاہور (زیڈ این این) جماعت اسلامی لاہور کی جانب سے پیٹرول لیوی میں اضافے کے خلاف شہر بھر میں دستخطی مہم پوری شدت سے جاری ہے۔ اس سلسلے میں نماز جمعہ کے بعد شہر کی سینکڑوں مساجد کے باہر خصوصی دستخطی کیمپس قائم کیے گئے، جہاں شہریوں، تاجروں اور مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے پیٹرول لیوی کے خلاف اپنے دستخط ثبت کیے۔ دستخطی مہم کے لیے گلی محلوں، بازاروں اور اہم شاہراہوں کے علاوہ ماڈل ٹاؤن، منصورہ، اتفاق ٹاؤن اور رانا ٹاؤن سمیت مختلف علاقوں میں کیمپس لگائے گئے اور عوام میں آگاہی ہینڈ بلز بھی تقسیم کیے گئے۔ قائم مقام امیر جماعت اسلامی لاہور خالد احمد بٹ نے میڈیا سے گفتگو۔

لاہور پولیس نے گاڑی چوری کا ملزم 3 گھنٹے میں پکڑ لیا

واردات کر کے فرار ہونے والے مجرم پولیس کی گرفت سے نہیں بچ سکتے فیصل کامران

لاہور (زیڈ این این) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ لاہور پولیس نے بہترین حکمتِ عملی کا مظاہرہ کرتے ہوئے گاڑی چوری کی واردات کے بعد فرار ہونے کی کوشش کرنے والے ملزم کو محض تین گھنٹے کے ریکارڈ وقت میں تلاش کر کے گرفتار کر لیا ہے۔ ملزم کی گرفتاری کے لیے ایس پی کینٹ کی زیرِ نگرانی کامیاب آپریشن عمل میں لایا گیا۔

جنیوا، مقررین کا مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر اظہار تشویش

جنیوا (این این آئی) جنیوا میں مقررین نے بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کے 63ویں اجلاس کے موقعہ پر مقررین نے عالمی برادری پر زور دیا۔

مظفر آباد، بڑے ٹرانسپورٹ اڈوں کو شہر سے باہر منتقل کرنے کا فیصلہ

موجودہ لاری اڈے میں غیر ضروری پارکنگ کو کم کر کے اسے ٹاہلی منڈی کے مقام پر منتقل کیا جائے گا

مظفر آباد (این این آئی) وزیر اعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی کی ہدایت پر مظفر آباد شہر میں ٹریفک کے مسائل کے حل، غیر ضروری پارکنگ کے خاتمے کیلئے بڑے ٹرانسپورٹ اڈوں کو شہر سے باہر منتقل کرنے کے سلسلہ میں کمشنر مظفر آباد ڈویژن بدر منیر، میئر بلدیہ سکندر گیلانی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ذیشان نثار، مجسٹریٹ بلدیہ سردار عمران و دیگر متعلقہ حکام نے شہر سے باہر مختلف مقامات کا دورہ کیا اور مجوزہ سائٹس کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران دستیاب اراضی، پارکنگ کی گنجائش، ٹریفک کی روانی اور شہری ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے موزوں مقامات کا جائزہ لیا۔ موجودہ لاری اڈے میں غیر ضروری پارکنگ کو کم کر کے اسے ٹاہلی منڈی کے مقام پر منتقل کر کے یہاں باقاعدہ اسٹینڈز قائم کر کے پارکنگ ایریا کو جدید تقاضوں کے مطابق ڈویلپ کیا جائیگا۔

لاہور: اسپیکر ملک احمد خاں پنجاب اسمبلی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

شہریوں کا کال ڈیٹا فروخت کرنے پر 2 پولیس اہلکار نامزد

کال ڈیٹا ریکارڈ کی فروخت، کانسٹیبل اور ہیڈ کانسٹیبل کے خلاف مقدمہ درج

لاہور (زیڈ این این) شہریوں کا کال ڈیٹا ریکارڈ (CDR) مبینہ طور پر رقم کے عوض فروخت کرنے پر کانسٹیبل اور ہیڈ کانسٹیبل کے خلاف تھانہ گلشن اقبال میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ درج ایف آئی آر کے مطابق تھانہ سبزہ زار کے کانسٹیبل نے شہریوں کا کال ڈیٹا ریکارڈ حاصل کرنے کے لیے موبائل فون نمبرز ہیڈ کانسٹیبل امین کو بھیجے۔

ایف آئی اے کی بڑی کامیابی، انسانی اسمگلنگ کے بین الاقوامی نیٹ ورک کا سرغنہ گرفتار

گوجرانوالہ (این این آئی) فیڈرل انوسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے گوجرانوالہ میں کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ کے بین الاقوامی نیٹ ورک کے سرغنہ کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم آسام علی ترکیہ سے لاہور ایئرپورٹ پہنچا، اس کا نام اسٹاپ لسٹ میں شامل تھا۔

غالب مارکیٹ، آن لائن منشیات سپلائر سمیت 2 گرفتار

ملزمان سے 1 کلو 360 گرام چرس اور 420 گرام ہیروئن برآمد کر لی گئی

لاہور (زیڈ این این) غالب مارکیٹ پولیس نے خفیہ اطلاع پر کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے 2 منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا ہے۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اسد علی کے مطابق گرفتار ملزم نعمان پارک میں آن لائن آرڈر پر ہیروئن سپلائی کرنے آیا تھا، جبکہ دوسرا ملزم عنایت ریلوے لائنز کے قریب گھوم پھر کر شہریوں اور نوجوانوں کو منشیات فروخت کر رہا تھا۔

لاہور: جی ٹی روڈ پر لوڈ ٹرک پیکسل ٹوٹنے کی وجہ سے سڑک پر الٹا پڑا ہے

شکار پور، پراپرٹی کا تنازع، 10 سالہ بچے پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگا دی گئی، مقدمہ درج

شکار پور (این این آئی) شکار پور کی عبداللہ کالونی میں پراپرٹی کے تنازع پر افسوس ناک واقعہ پیش آیا ہے، جہاں 10 سالہ بچے پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگا دی گئی جس کے نتیجے میں بچہ جھلس کر شدید زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کے بعد زخمی بچے کو فوری طور پر سول ہسپتال منتقل کیا گیا

راولپنڈی، پنجاب سے بلائے گئے پولیس اہلکاروں کو غیر معیاری کھانا دیے جانیکا انکشاف

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کی سکیورٹی کیلئے پنجاب سے بلائے گئے پولیس اہلکاروں کو غیر معیاری کھانا دیئے جانیکا انکشاف ہوا۔ واہ کینٹ میں ٹھہرائے گئے پولیس اہلکاروں کو دیئے گئے غیر معیاری کھانے کی ویڈیو سامنے آئی ہے۔

ایم ڈی کیٹ میں بے ضابطگی ثابت ہوئی تو دوبارہ امتحان ہوگا، عامر چشتی

کراچی (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے صحت کے چیئرمین سینیٹر عامر ولی الدین چشتی نے کہا ہے کہ سندھ بالخصوص کراچی کے ایم ڈی کیٹ نتائج میں کسی قسم کی بے ضابطگی ثابت ہوئی تو امتحان دوبارہ کرانے پر غور کیا جائے گا۔ سینیٹر عامر چشتی نے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کے ایم ڈی کیٹ نتائج پر طلبہ اور والدین کے تحفظات کا نوٹس لیتے ہوئے

میاں بیوی میں جھگڑے پر منانے کی پیشرفت مریم کی طرف سے ہی ہوتی ہے، کیپٹن صفدر

گھر میں میٹھا آتا ہے تو مریم نواز کہتی ہیں کہ چھپا دو سارا صفدر ہی کھا جائے گا اور طبیعت خراب ہو جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے شوہر کیپٹن (ر) صفدر نے کہا ہے کہ میاں بیوی میں جھگڑے پر منانے کی پیشرفت مریم کی طرف سے ہی ہوتی ہے۔ کیپٹن (ر) صفدر حال ہی میں ایک یوٹیوب چینل کے انٹرویو میں شریک ہوئے جس دوران انہوں نے سیاسی اور ذاتی موضوعات پر دلچسپ گفتگو کی۔ ایک سوال کے جواب میں کیپٹن (ر) صفدر نے بتایا کہ میں اہلیہ مریم نواز پر حکم نہیں چلاتا، میرا اور مریم کا ادب، احترام اور عزت کا رشتہ ہے، ہماری شادی کو 35 سال ہو چکے ہیں، ہمارے 3 بچے اور ان سے نواسے بھی ہیں، میں اسی لیے کابینہ کا حصہ نہیں بنا کیوں کہ جب وزیر اعلیٰ مریم نواز آتی ہیں تو سب کو اٹھنا پڑتا ہے، ہمارے درمیان بہت معمولی نوعیت کے جھگڑے ہوتے ہیں اور اس صورتحال میں مریم نواز کی جانب سے ہی پیش رفت ہوتی ہے۔

بادامی باغ میں قرض کی رقم مانگنے پر بھابھی پر مبینہ تشدد

60 ہزار روپے واپس مانگنے پر تشدد، خاتون کا جبڑا اور ہاتھ فریکچر، 2 ملزمان گرفتار

لاہور (زیڈ این این) لاہور کے علاقے بادامی باغ میں 60 ہزار روپے کا قرض واپس مانگنے پر دیور کی جانب سے اپنی بھابھی پر مبینہ شدید تشدد کا واقعہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں خاتون کا جبڑا اور ہاتھ فریکچر ہو گئے۔ درج ایف آئی آر کے مطابق متاثرہ خاتون کے والدین نے اپنے داماد کے بھانجے عبدالرحمٰن کو 60 ہزار روپے قرض دیے تھے، تاہم وہ رقم واپس نہیں کر رہا تھا۔

اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

رعنا ایوب کے بھارت میں بڑھتی ہوئی اسرائیلی حمایت سے متعلق بیان پر بحث چھڑ گئی

ممبئی (این این آئی) سینئر بھارتی صحافی رعنا ایوب کے بھارتی سیاسی و سماجی حلقوں کے بعض طبقات میں اسرائیل اور اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو کی بڑھتی ہوئی حمایت سے متعلق ریمارکس پر نئی بحث چھڑ گئی ہے۔ بھارت کے بعض دائیں بازو کے حامیوں کی جانب سے اسرائیل اور نیتن یاہو کی تعریف کا تعلق مسلمانوں سے متعلق ان کے نفرت انگیز نظریات سے ہے۔

محتسب سیکرٹریٹ میں دائر دو شہریوں کی شکایات کا ازالہ، مقبوضہ اراضی کا قبضہ دلوایا گیا

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر محتسب سیکرٹریٹ سے جاری ہونے والی پریس ریلیز کے مطابق محتسب سیکرٹریٹ میں دائر دو شہریوں کی شکایات کا ازالہ، ایک کو -/974194 روپے کے بقایا جات جبکہ دوسرے کو مقبوضہ اراضی کا قبضہ دلوایا گیا۔

آزاد جموں وکشمیر کونسل کے چار نئے اراکین کے بلا مقابلہ انتخاب کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ نے آزاد جموں وکشمیر کونسل کے چار نئے اراکین کے بلا مقابلہ انتخاب کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق چوہدری لطیف اکبر، راجہ مشتاق احمد منہاس، چوہدری محمد سعید اور چوہدری منظور احمد کو آزاد جموں و کشمیر کونسل کا رکن منتخب قرار دیا گیا ہے۔

فیصل آباد، خواتین بائیکرز کی محفوظ رائیڈنگ کیلئے آگاہی کی ریلی، اسکوٹیز آپس میں ٹکرا گئیں

چیف ٹریفک آفیسر نے ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی فراہم کی اور وومین ایمپاورمنٹ کا پیغام دیا

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں خواتین موٹر سائیکل سواروں میں ٹریفک قوانین، روڈ سیفٹی اور محفوظ رائیڈنگ سے متعلق آگاہی کیلئے ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی میں شریک طالبات اسکوٹی ٹکرانے سے گر گئیں اور معمولی زخمی ہو گئیں۔ سٹی ٹریفک پولیس کے اشتراک سے زرعی یونیورسٹی میں ٹریفک قوانین سے آگاہی اور لڑکیوں کو سڑکوں پر محفوظ ڈرائیونگ کے شعور سے متعلق منعقدہ سیمینار میں خواتین اور طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ چیف ٹریفک آفیسر نے ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی فراہم کی اور وومین ایمپاورمنٹ کا پیغام دیا۔ ٹریفک پولیس کے زیر اہتمام سیمینار کے اختتام پر خواتین کی موٹر سائیکل ریلی منعقد ہوئی۔

سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر کے طلبا کا طالبہ کو ہراساں کیے جانے پر احتجاج

شعبہ کا سربراہ کئی ماہ سے کلاسوں کے دوران نازیبا زبان کا استعمال اور ایک طالبہ کو ہراساں کر رہا تھا، طلباء

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں، سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر کے طلبا نے ضلع گاندربل میں یونیورسٹی کیمپس میں شعبہ کیمسٹری کے سربراہ ڈاکٹر چناپن بھاسکر کی جانب سے ایک طالبہ کو ہراساں کیے جانے کے خلاف احتجاج کیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق، احتجاج کرنے والے طلبا نے کلاسوں کا بائیکاٹ کیا اور شعبہ کے سربراہ کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے نعرے لگائے۔ طلبا کا کہنا تھا کہ شعبہ کا سربراہ کئی ماہ سے کلاسوں کے دوران نازیبا زبان کا استعمال اور ایک طالبہ کو ہراساں کر رہا تھا۔ طلبا کی جانب سے کیمپس میں احتجاج اور ڈاکٹر چناپن بھاسکر کے خلاف شکایت جمع کرائے جانے کے بعد یونیورسٹی نے اس معاملے کا نوٹس لیا۔ سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر نے ڈاکٹر چناپن بھاسکر کو شعبہ کے سربراہ کے عہدے سے ہٹا دیا ہے۔

لاہور: صوبائی وزیر برائے صحت خواجہ سلمان رفیق، خواجہ عمران نذیر اور سابق رکن قومی اسمبلی شیخ روحیل اصغر جوڑے پلیر مریم نواز شریف ہیلتھ کلینک کا افتتاح کر رہے ہیں

لاہو ہائیکورٹ میں ضمانت خارج، ملزمان اور وکلاء کے درمیان ہاتھا پائی

قتل کیس کے 5 سابق پولیس ملازمین کی ضمانتیں خارج، گرفتاری پر صورتحال کشیدہ ہو گئی

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ میں قتل کیس کے ملزمان کی ضمانتیں خارج ہوتے ہی ہنگامہ آرائی شروع ہو گئی۔ جسٹس سردار اکبر علی ڈوگر کی عدالت سے ضمانتیں خارج ہوتے ہی ملزمان کو کمرہ عدالت میں ہتھکڑیاں لگا کر گرفتار کر لیا گیا، تاہم انہیں باہر لے جاتے ہوئے مدعی پارٹی کے وکلاء نے مبینہ حملہ کر دیا اور فریقین کے درمیان شدید ہاتھا پائی ہوئی۔

صدر آزاد جموں وکشمیر سے چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر کی ملاقات

عوام کو جلد اور مؤثر انصاف کی فراہمی سمیت مختلف اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر آزاد جموں و کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب خان سے چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان نے ملاقات کی۔ چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر نے ڈاکٹر محمد نجیب خان کو صدر آزاد جموں وکشمیر کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران آزاد جموں وکشمیر میں آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، آئینی اداروں کے باہمی احترام وتعاون اور عوام کو جلد اور مؤثر انصاف کی فراہمی سمیت مختلف اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر آزاد جموں و کشمیر میں عدلیہ کے کردار، آئینی معاملات اور عوامی مفاد سے متعلق امور بھی زیر غور آئے۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر بھی گفتگو کی گئی۔

لاہور: معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب برائے پبلک پراسیکیوشن رانا بلال احمد پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کے ہزاروں انسانی زندگیوں کو بچایا جا رہا ہے

خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی مانیٹرنگ اتھارٹی کا اجلاس

اجلاس میں پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کو پیپر لیس کرنے کیلئے مختلف تجاویز پر غور پر کیا گیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی مانیٹرنگ اتھارٹی کا 42 واں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل پی ہوٹا پروفیسر ڈاکٹر محمد عامر زمان خان اور ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر حافظ محمد وسیم و دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں صدر پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن ڈاکٹر اظہار احمد چوہدری، صدر اوفتھلمولوجک سوسائٹی (بقیہ نمبر 38)

لاہور صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی مانیٹرنگ اتھارٹی کے 42ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جمعۃ المبارک پر لاہور پولیس نے جامع سیکیورٹی پلان نافذ کر دیا

لاہور (زیڈ این این) جمعۃ المبارک کے بابرکت موقع پر لاہور پولیس نے شہر بھر میں جامع سیکیورٹی پلان مؤثر انداز میں نافذ کر دیا ہے۔ مساجد، امام بارگاہوں اور دیگر تمام اہم عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے تمام تر انتظامات مکمل کر کے پولیس اہلکاروں کو ڈیوٹیوں پر تعینات کر دیا گیا ہے۔

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی تعداد میں 45 فیصد اضافہ

کراچی (این این آئی) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی تعداد میں 45 فیصد اضافہ ہو گیا، تاہم گوشواروں کے ساتھ ادا کیے جانے والے مجموعی ٹیکس میں 7 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر مقرر تھی، تاہم وفاقی بورڈ آف ریونیو نے تاریخ میں 15 اکتوبر تک توسیع کر دی ہے۔

سندھ میں تقسیم کے بغیر 6 انتظامی یونٹس بنائے جائیں گے، فاروق ستار

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی فاروق ستار نے کہا ہے کہ سندھ کی جغرافیائی تقسیم کے بغیر 6 انتظامی یونٹس قائم کیے جائیں گے۔

شکار پور میں پراپرٹی تنازع، 10 سالہ بچے پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگا دی گئی

شکار پور (این این آئی) عبداللہ کالونی میں پراپرٹی کے تنازع پر 10 سالہ بچے پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگا دی گئی، جس کے نتیجے میں بچہ جھلس کر شدید زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق زخمی بچے کو فوری طور پر سول اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ابتدائی طبی امداد کے بعد اسے سکھر ریفر کر دیا گیا۔ واقعے کا مقدمہ متاثرہ بچے کے والد ایاز مہر کی مدعیت میں درج کر لیا گیا۔

جامعات کی درجہ بندی میں جامعہ کشمیر کا عالمی سطح پر نمایاں اعزاز

ٹائمز ہائر ایجوکیشن اور یو آئی گرین میٹرک ورلڈ 2026 میں میں نمایاں مقام حاصل کر لیا

اعزاز جامعہ کے تدریسی معیار، تحقیق اور صنعت و معاشرے سے تعلق کے شعبوں میں مسلسل کاوشوں کا اعتراف ہے

مظفر آباد (این این آئی) جامعہ آزاد جموں و کشمیر مظفر آباد نے عالمی جامعات کی دو اہم بین الاقوامی درجہ بندیوں میں نمایاں مقام حاصل کرتے ہوئے عالمی سطح پر اپنی علمی و تحقیقی شناخت کو مزید مستحکم کیا ہے۔ ٹائمز ہائر ایجوکیشن (THE) ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ 2026 میں جامعہ آزاد جموں وکشمیر کو دنیا بھر کی جامعات میں 1201 سے 1400 کی درجہ بندی میں شامل کیا گیا ہے، جبکہ پاکستان میں جامعہ نے 39ویں اور آزاد جموں وکشمیر میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ یہ اعزاز جامعہ کی تدریسی معیار، تحقیق، علمی ماحول، بین الاقوامی روابط اور صنعت و معاشرے سے تعلق کے شعبوں میں مسلسل کاوشوں کا اعتراف ہے۔ ٹائمز ہائر ایجوکیشن کی جانب سے مختلف شعبہ جات کی عالمی درجہ بندی میں بھی جامعہ آزاد جموں وکشمیر نے انجینئرنگ کے شعبے میں 801 سے 1000 کے عالمی بینڈ میں جگہ بنائی ہے، جو اس شعبے میں جامعہ کی علمی اور تحقیقی سرگرمیوں کی عالمی سطح پر پذیرائی کی عکاسی کرتی ہے۔

مرید کے: سفاک ملزمان کی فائرنگ سے والدین کے قتل کا مدعی بیٹا شدید زخمی

مرید کے (زیڈ این این) مرید کے منوں آباد لیبر کالونی میں دو ہفتے قبل والدین کو قتل کرنے والے ملزمان نے کیس کے مدعی بیٹے کو بھی قاتلانہ حملے کا نشانہ بنا ڈالا فائرنگ کے نتیجے میں علی حمزہ شدید زخمی ہو گیا، جسے تشویشناک حالت کے باعث فوری طور پر لاہور ریفر کر دیا گیا ہے

میر رضا کیس؛ کمیشن کا سینئر پولیس افسران سے تحریری جواب طلب

کراچی (این این آئی) میر رضا قتل کیس کی تحقیقات کے لیے قائم جوڈیشل کمیشن نے سینئر پولیس افسران کو تحریری سوالنامے ارسال کر دیئے۔ ذرائع کے مطابق کمیشن نے ایڈیشنل آئی جی، ڈی آئی جی اور امیر فاروقی سے الگ الگ سوالناموں کے جوابات طلب کیے ہیں۔

محمد شفیق کے انتقال پر منہاج القرآن رہنماؤں کا اظہار تعزیت

کراچی (این این آئی) تحریک منہاج القرآن سندھ کے سرپرست قاضی زاہد حسین، کراچی کے صدر مسعود عثمانی، ناظم عتیق چشتی، مفتی مکرم خان قادری، راؤ طیب، نصرت رعنا، منہاج گرامر اسکول طارق روڈ کے ڈائریکٹر راؤ اشتیاق شاد اور شیخ سعید نے تحریک منہاج القرآن کے دیرینہ رفیق اور منہاج القرآن ویمن لیگ کراچی کی سابق صدر تسبیح شفیق کے شوہر محمد شفیق کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

فیصل کریم کنڈی کی شہید پولیس کانسٹیبل شاہ مست خان کی نمازِ جنازہ میں شرکت

گورنر نے شہید اہلکار کے تابوت پر پھولوں کی چادر چڑھائی، انکے لواحقین اور ساتھی اہلکاروں سے ملاقات کی

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے تھانہ چکمنی کی حدود مہر گل کلے میرہ کچوڑی میں گزشتہ شب نامعلوم دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید پولیس کانسٹیبل شاہ مست خان کی نمازِ جنازہ میں شرکت کی۔ ملک سعد شہید پولیس لائن پشاور میں نماز جنازہ کے موقع پر افواج پاکستان اور پولیس کے سینئر افسران اور اہلکار موجود تھے۔ گورنر نے شہید اہلکار کے تابوت پر پھولوں کی چادر چڑھائی، انکے لواحقین اور ساتھی اہلکاروں سے ملاقات کی اور شہید کی قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ گورنر نے شہید کے لواحقین اور ساتھیوں کے لئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی شہید پولیس کانسٹیبل شاہ مست شاہ کے تابوت پر پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں

پنجاب میں صحت کے 3 بڑے پروگرامز کی منظوری دے دی گئی

منظور شدہ رقم رواں مالی سال 2026-27 کے غیر ترقیاتی بجٹ میں شامل کر لی گئی

لاہور (زیڈ این این) حکومتِ پنجاب نے صوبے میں صحت کے 3 بڑے پروگرامز کے لیے 45 ارب 13 کروڑ روپے کی منظوری دے دی ہے، جبکہ تمام ہیلتھ منصوبوں کو کارکردگی کی بنیاد پر فنڈز فراہم کیے جائیں گے۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق منظور شدہ رقم رواں مالی سال 2026-27 کے غیر ترقیاتی بجٹ میں شامل کر لی گئی ہے۔

محکمہ بلدیات کا پنجاب کے 100 دیہات میں برتھ رجسٹریشن مہم کا آغاز

راجن پور، ڈی جی خان، ملتان سمیت 14 اضلاع کے دیہات میں کیمپس قائم کر دیے گئے

لاہور (زیڈ این این) محکمہ بلدیات پنجاب نے صوبے کے 100 دیہات میں برتھ رجسٹریشن مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ ترجمان محکمہ بلدیات کے مطابق اس مہم میں راجن پور، ڈیرہ غازی خان، لودھراں، چنیوٹ، بھکر، ملتان اور مظفر گڑھ کے دیہات شامل ہیں، جبکہ چکوال، خوشاب، سرگودھا، بہاولپور، بہاولنگر، جھنگ اور پاکپتن کے گاؤں بھی اس برتھ رجسٹریشن مہم کا حصہ ہیں۔

محکمہ ایکسائز کا مالی سال کے پہلے 3 ماہ میں ریکارڈ ریکوری

رعایتی مدت ختم، پہلے 3 ماہ میں 35 ارب 66 کروڑ روپے وصول کر لیے گئے

لاہور (زیڈ این این) پراپرٹی ٹیکس اور ٹوکن ٹیکس کی ادائیگی پر رعایتی مدت ختم ہونے کے بعد محکمہ ایکسائز پنجاب نے رواں مالی سال کے پہلے تین ماہ میں ریکارڈ ریکوری کی ہے۔ محکمہ ایکسائز کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے تین ماہ میں مجموعی طور پر 35 ارب 66 کروڑ روپے ٹیکس وصول کیا گیا، جو گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 9 ارب 36 کروڑ روپے زیادہ ہے۔

بھارتی جرائم پیشہ گینگ دنیا بھر کیلئے بڑا خطرہ قرار

ایف بی آئی نے مفرور بھارتی شہری کو انتہائی پرتشدد، مسلح اور خطرناک قرار دے دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وفاقی تحقیقاتی ادارہ ایف بی آئی نے بھارتی نژاد ستیندر رجیت سنگھ کو ٹارگٹ کلنگ، بھتہ خوری اور منشیات کے جرائم میں مطلوب قرار دیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ایف بی آئی نے انتہائی مطلوب ملزمان کی فہرست جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی جرائم پیشہ گینگ دنیا بھر کیلئے بڑا خطرہ ہیں۔ رپورٹ میں بھارتی نژاد ستیندر رجیت سنگھ کو لارنس بشنوئی منظم جرائم گروہ سے تعلق پر مطلوب قرار دیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کیلیفورنیا یا کینیڈا میں مفرور بھارتی شہری کو انتہائی پرتشدد، مسلح اور خطرناک بھی قرار دیا گیا۔

مقبوضہ کشمیر، قابض انتظامیہ کی عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف احتجاجی مظاہرے

ہماری ملازمتوں کو مستقل کیا جائے اور زیر التوا واجبات فوری جاری کئے جائیں، مظاہرین

جموں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کشمیریوں نے قابض حکام کی عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف احتجاجی مظاہرے کیے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ڈیلی ویجز ملازمین، عارضی کارکنوں اور دیگر ملازمین نے جموں میں احتجاجی مظاہرے کیے اور اپنے مطالبات کے حق میں نعرے بلند کیے۔ آل جموں وکشمیر ڈیلی ویجرز سنگھرش سمیتی کے زیر اہتمام دریائے توی کے پل پر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ ان کی ملازمتوں کو مستقل کیا جائے اور زیر التوا واجبات فوری جاری کئے جائیں۔

شریک مالک مشترکہ جائیداد میں من مانی نہیں کر سکتا

مشترکہ جائیداد کی نوعیت تبدیل کرنے یا اسے نقصان پہنچانے کی کوشش کے خلاف مستقل حکم امتناعی کا دعوی دائر کیا جا سکتا ہے

سابقہ مقدمے میں دیے گئے کسی بیان کو موجودہ کیس میں استعمال کرنے سے پہلے اس کے متعلقہ حقائق ثابت کرنا ضروری ہیں

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے مشترکہ جائیداد سے متعلق اہم عدالتی نظیر جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ شریک مالک کی جانب سے مشترکہ جائیداد کی نوعیت تبدیل کرنے یا اسے نقصان پہنچانے کی کوشش کے خلاف مستقل حکم امتناعی کا